بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 69 | MAY 2016 | شمارہ نمبر 02

بانی ادارہ منعم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبرشپ 9000 روپے
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ نزد مین مارکیٹ لاہور 54660
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

صبا اکبر آبادی

ہر طرف کائنات میں تم ہو
صرف بزمِ حیات میں تم ہو

کچھ نہ تھا کائنات میں تم تھے
کچھ نہیں کائنات میں تم ہو

ہر عدم ہر وجود تم سے ہے
یعنی ہر نفی ہر ثبات میں تم ہو

اور کچھ بھی نظر نہیں آتا
میں ہوں یا کائنات میں تم ہو

حق و باطل نہیں ہیں ایک مگر
کعبہ و سومنات میں تم ہو

عکس ہیں حسنِ ذات کے ہی صباؔ
گم جہانِ صفات میں تم ہو

نعت

صبا اکبر آبادی

میرے لب پر حضور ﷺ کی باتیں
تیرگی میں ہیں نور کی باتیں

سب سے اچھا ہے بس حضور ﷺ کا نام
سب سے اچھی حضور ﷺ کی باتیں

کر مدینے کی بات اے واعظ
چھوڑ حور و قصور کی باتیں

ذکرِ احمدؐ سے ہے بیاں روشن
نور کے لفظ نور کی باتیں

لبِ آدم سے تا مسیح رہیں
آپ ہی کے ظہور کی باتیں

وحیٔ عرش قلبِ احمد ﷺ میں
پاس تھیں کتنی دور کی باتیں

بے کہے سب وہ جانتے ہیں صباؔ
اس دلِ ناصبور کی باتیں

سلام

مظہر بھوپالی

چمن میں پھول بنتا ہے کلی کا
جو ہے فرزند زہراؓ و علیؑ کا

سلیقہ سیکھ لو گر بندگی کا
سکوں مل جائے تم کو زندگی کا

جو ظلم و جور سے روکے کسی کو
یہی تو کام ہے رب کے ولی کا

تکلّم سیکھ لو اُن سے ہی مظہرؔ
حسن ہیں آئینہ خلق نبی ﷺ کا

کاشانہ زنجانی راولپنڈی افتتاحیہ دعائیہ تقریب

نوروز عالم افروز 2016ء جشن بہاراں کی 20 مارچ سہ پہر **کاشانہ زنجانی** جہلم روڈ، بالمقابل آرمی ہاؤس راولپنڈی سادہ پُر وقار **افتتاحیہ دعائیہ** تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں خاندانِ زنجانیہ عالیہ سے مودت و محبت رکھنے والے تقریباً دو سو احباب نے شرکت فرمائی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اس دن مطلع صاف ہونا چاہیے تھا مگر قدرت کے نظام کو کیا کہیں اچانک سیاہ بادل آئے اور زبردست بارش ہوئی۔ کاشانہ زنجانی کے لان میں جو سٹیج اور کرسیاں اور تواضع کی میزیں سجائی گئیں تھیں۔ انہیں کاشانہ زنجانی کے بیسمنٹ میں منتقل کرنا پڑا۔ یہ بیسمنٹ میں ہونے والی پہلی تقریب تھی۔ دونوں کمروں میں کرسیاں اور میز گنجائش کے مطابق سجا دیے گئے۔ مگر تقریب کے آغاز پر اچانک مطلع صاف ہونے لگا تو نصف اہتمام اوپر لان میں بھی ہو گیا۔ تقریب کا آغاز نمازِ ظہر کے فوراً بعد تلاوت کلام پاک شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی نے کیا اور پھر لاہور سے آئے ان کے دوستوں علامہ عمیر مدنی، علامہ وقاص مدنی، علامہ عبدالقیوم، علامہ وقار مدنی نے یکے بعد دیگرے نعتیہ کلام پیش کرتے ہوئے ایک سماں باندھ دیا۔ یہاں بیٹھے جناب زبیر احمد ایڈووکیٹ نے سورۃ کوثر کی تفسیر جناب سیدہ بی بی فاطمہؑ کی شان ایک نئے روحانی انداز سے پیش فرمائی، جسے حاضرین نے بہت سراہا۔ بیسمنٹ مہمانوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ جیسے جیسے تقریب بامِ عروج پر جاری تھی، مہمانوں کی تعداد بھی بڑھتی جا رہی تھی۔ مہمانوں میں پشاور، سوات، مردان، ایبٹ آباد، واہ کینٹ، مری، جہلم، گوجرخان، گجرات، لاہور کے علاوہ راولپنڈی، اسلام آباد کے متعدد دوستوں نے شرکت فرما کر خاندان زنجانیہ کی خوشیوں میں اضافہ کیا۔ خدا سب آنے والے مہمانوں کی توفیقات میں اضافہ کرے، یہ دن چونکہ نوروز عالم افروز کا بھی تھا۔ علامہ سید ابوالحسن موسوی صاحب آف اسلام آباد پر نظر پڑی تو انہیں اس دن کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے عرض کیا۔ آپ نے اس دن کی عظمت و اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ خصوصاً ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء اکرام کی نوروز سے وابستگی اور خصوصاً اعلان غدیر جب حضورﷺ نے 18 ذوالحجہ 61ھ بمطابق نوروز عالم افروز کی نسبت سے رسولؐ نے علی المرتضیؑ کو اپنا جانشین بنانے کا اعلان کیا۔

من کنت مولاً فھذا علی مولاً

ترجمہ: جس جس کا میں مولا ہوں، آج کے بعد اس کا علیؑ مولا ہے۔

قربان جائیں ان قوالوں اور گویوں پر جو آج بھی گا گا کر لوگوں کو رسولؐ کا پیغام دے رہے ہیں۔ کاش رسولؐ کے اس پیغام کو یاد رکھا جاتا تو آج اسلام کا نقشہ یہ نہ ہوا ہوتا کہ امریکہ، یہود و ہنود کے ہاتھوں آج مسلمان پوری دنیا میں ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔

تقریب کے اختتام پر علامہ سید ابوالحسن موسوی اور امام زمانہؑ کے سپاہی بزرگوار سید صمصام حسین نقوی نے کاشانہ زنجانی راولپنڈی حاضرین کے لیے اور ساتھ ساتھ پاکستان کی سرفرازی بلندی کے لیے بھی دعائیں کیں۔ آخر میں چیف ایڈیٹر آئینہ قسمت سید انتظار حسین شاہ زنجانی نے مہمانوں کی آمد پر سب کا شکریہ ادا کیا۔ تبرک و لنگر تناول فرمانے کی گزارش کی۔ اس تقریب کے میزبان خصوصی ڈاکٹر نثار احمد ملک اور رحمت اللہ کے ساتھ شہزادگان سید مصور علی زنجانی، سید محمد علی زنجانی، سید محسن علی زنجانی تھے۔ ڈاکٹر نثار احمد صاحب نے مہمانوں کی تواضع کے لیے ایک درجن قسم کے گرم گرم لذیذ کھانے بنوا رکھے تھے۔ کاشانہ زنجانی راولپنڈی کی یوں افتتاحیہ دعائیہ تقریب ایک یادگار تقریب بن گئی۔ یقیناً یہاں مستقبل میں آنے والے دکھی بہن بھائی اپنا اپنا فیض روحانی پائیں گے۔ سید محمد علی زنجانی تقریب کے کچھ ہی عرصہ بعد عراق تشریف لے گئے۔ چند دوستوں کے نام جو یاد رہے۔ علامہ سید ابوالحسن موسوی، ڈاکٹر انوار احمد، اقبال کلو ایڈووکیٹ، انعام عباس کاظمی، راجہ نادر علی، سردار شعیب ممتاز، رحمت اللہ، شکیل ڈی ایف او، ڈاکٹر خالد سعید، زبیر ایڈووکیٹ، اعجاز الحق، زاہد حسن کاظمی، ملک آفتاب، ملک اسد، سید قاسم منیر شاہ، ملک خالق داد، ملک عارف، کرنل محسن امیر، چوہدری سکندر، اسماعیل قریشی، نثار ایس ایس پی، یعقوب تابانی صاحب، سید صمصام بخاری، ملک عاقب، گلزار صاحب، ملک نعیم، یعقوب صاحب، عاصم جاوید (جنگ)، ڈاکٹر غلام حسین بابر، ملک آصف (PSO)، ملک عجائب، ملک صاحب (پروپرائیٹر معصوم بیکری)، گلزار احمد، جبکہ حاجی جمیل بدر برادرم جہانگیر بدر، سید حامد حسن عابدی، غلام نبی چانڈیو، محمد امین، سید اویس بخاری نے کراچی/ لاہور سے فون پر مبارک باد پیغامات بھجوائے۔ جن دوستوں کے نام رہ گئے ہیں، وہ مجھے معاف فرما دیں۔ سپاس گزار: سید محمد علی زنجانی

مئی 2016ء عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

بتاریخ 7 مئی 2016 بوقت 05 بجکر 29 منٹ بمقام اسلام آباد بتاریخ 22 مئی 2016 بوقت 02 بجکر 13 منٹ بمقام اسلام آباد

پارلیمنٹ کے اندر اور باہر حکومت کی کرپشن کے سبب ہنگامہ آرائی اور حکومت کی سیاسی کمزوری کے بڑھنے کا احتمال ہے۔ حکومت مخالف اپوزیشن جماعتوں کا وسیع اتحاد بنے، جو حکومت کے خاتمہ کے لیے بڑھ چڑھ کر روز بروز مخالف تحریکیں چلائے۔

زائچہ اول: زائچہ نیو مون منقلب برج حمل قران شمس وقمر طالع میں ہونا پاکستانی عوام کے لیے نیک فال دنیاوی مذہبی اور سیاسی شعوری قوت میں اضافہ کی نشان دہی کا اشارہ۔ اپوزیشن میڈیا اور عوام مل کر ملک دشمنوں، دہشت گردوں اور کرپشن کرنے والوں کے خلاف یکجا ہوں۔ طالع کا مالک مریخ آٹھویں نحس گھر ہمراہ دسویں گیارہویں کے مالک زحل کے ہونے سے پارلیمنٹ کے اندر اور باہر حکومت کی کرپشن کے سبب ہنگامہ آرائی اور حکومت کی سیاسی کمزوری کے بڑھنے کا احتمال ہے۔ نویں بارہویں کا مشترکہ حاکم مشتری 5، 9، 11 اور طالع کو متاثر کر رہا ہے۔ راہو کے پاکستانی میڈیا جو پہلے ہی ہمیشہ سنسنی خیزی خبروں کے لیے ہمہ وقت تیار زائچہ گرو چنڈل یوگ سے بھی متاثر ہے۔ مئی عجیب وغریب خبروں کا سلسلہ خصوصاً حکمرانوں کو سبکی کا سامنا پارلیمنٹ میں ہنگامہ خیزی، حالات آئینی ایمرجنسی کی طرف جا سکتے ہیں۔ حکومت مخالف اپوزیشن جماعتوں کا وسیع اتحاد بنے، جو حکومت کے خاتمہ کے لیے بڑھ چڑھ کر روز بروز مخالف تحریکیں چلائے۔ زائچہ نیو مون میں سب سے زیادہ آٹھواں گھر متاثر ہے۔ مریخ زحل الگ الگ یا اکٹھے آٹھویں گھر میں نہایت منحوس ثمرات کے حامل ناگہانی حادثاتی اموات، آگ یا ایکسیڈنٹ کے اخلاقیات میں انحطاط، دھوکہ دہی، فراڈ اسکینڈل ابھریں۔ پانامہ لیکس اسکینڈل بھی حکمرانوں کی سبکی کا باعث بنے۔ حکومت میں شامل سرکردہ افراد ملکی خزانے کی لوٹ مار میں ملوث ہونے کے علاوہ حیا سوز واقعات ملک میں انارکی پھیلانے کے لیے ملک دشمن قوتیں سرگرم رہیں۔

زائچہ دوم: فل مون طالع دسویں کا مشترکہ حاکم مشترکہ چھٹے نحس گھر نویں فل مون قمر در عقرب ہمراہ زحل مریخ مقابل شمس زہرہ اندرون ملک مذہبی قانونی تنازعات، کاروباری طبقہ میں بے چینی، افراتفری، ٹریڈ کامرس، سٹاک شیئرز کا مصنوعی اُتار چڑھاؤ، ہڑتالیں، ہنگامے، فسادات پھیلائے جانے کا اندیشہ۔ بعض علاقوں میں پولیس فوج کو حالات کنٹرول کرنے کے لیے سخت اقدامات یا کرفیو لگانا پڑ سکتا ہے۔ حکمران پارٹی کے خلاف مذہبی تعلیمی حلقوں کی جانب سے منفی رجحانات اپوزیشن یکجا ہو کر حکومت کا تختہ اُلٹنے کے لیے سرگرم رہے۔ چھٹے سروسز کے حاکم شمس کی تیسرے موجودگی اعلیٰ سروسز اور عسکری اداروں کی ملکی نظم سنبھالنے اور حالات پر قابو پانے جیسی ذمہ داریوں میں اضافہ ہو۔

دیگر ممالک: طالبان کی افغانستان میں عسکری سرگرمیاں اچانک بڑھ جائیں۔ شام میں ملک دشمن عناصر جنگ بندی کے لیے کی گئی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کریں۔ جس سے امن کی کوششیں متاثر ہوں۔ فلسطین میں اسرائیلی فورسز کی کارروائیوں پر جانی مالی نقصان کا اندیشہ۔ سعودی عربیہ نے اعلیٰ سول اعزاز نریندر مودی کو دیا، عالم اسلام کے لیے یہ لمحۂ فکریہ ہے۔ مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے لیے امریکہ، اسرائیل، بھارت اور ان کے ہمنوا ممالک کی عالم اسلام خصوصاً پاکستان کے خلاف سازشیں بڑھیں۔ خطہ کا اہم اور ہمسائیہ ملک ایران کو ان معاملات میں تشویش رہے۔ اسلام کا تاثر دنیا میں جس غلط انداز سے پھیلایا جا رہا ہے، ایران، پاکستان دیگر دوست ممالک مل کر اس تاثر کو دور کرنے کے لیے مشترکہ اسلامی کاوشوں پر زور دے۔

اس نحس وقت کی ابتداء 19 مئی 11 بجکر 29 منٹ تا 21 مئی 23 بجکر 48 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

شہزادہ سید محمد علی زنجانی کی کربلا معلیٰ و نجف اشرف حاضری

کاشانہ زنجانی کی دعائیہ تقریب کا اختتام کچھ انداز سے ہوا کہ اچانک لاہور سے جناب ڈاکٹر محمد حسین اکبر پرنسپل منہاج الحسینؑ کا فون آیا کہ فوراً سید محمد علی زنجانی کی پاسپورٹ کاپی روانہ کریں۔ حرم امام عالی مقام مولا حسینؑ سے دس افراد کا روحانی بلاوا آیا۔ اس سرکاری روحانی مہمانوں کے اسمائے گرامی 1۔ ڈاکٹر محمد حسین اکبر، 2۔ پیر محمد حبیب عرفانی آف سندر شریف، 3۔ مولانا غلام محمد سیالوی، 4۔ ڈاکٹر اجمل خان نیازی، 5۔ راؤ شاہد محمود خان، 6۔ سید عبید علی شاہ، 7۔ بلال قطب، 8۔ جسٹس (ر) نذیر احمد غازی، 9۔ محمد جاوید، 10۔ سید محمد علی زنجانی

یہ قافلہ 6 اپریل شب بائی ائیر کراچی پہنچا۔ جس کا استقبال سید عاصم بخاری، محمد جاوید، زاہد وسیم چیمہ، اسامہ صاحبزادے جسٹس نذیر غازی اور سید انتظار حسین زنجانی نے کیا۔ نئی صبح 7 اپریل 4:40 قطر ائیر ویز سے یہ قافلہ نجف اشرف وایا دوحہ روانہ ہوگیا۔ ہر مؤمن کی یہ دلی خواہش ہوتی ہے کہ وہ ذاتی اخراجات پر زیارتِ مقدسہ کرے۔ مگر اس خوش بختی کا اظہار کیسے کیا جائے کہ جب خود حرم امام عالی سید الشہداء امام حسینؑ جوانِ جنت کی طرف سے انہی کے زادِ راہ پر ان کی دعوت پر شرف حاضری حرم حسین نصیب ہو جائے۔ خاندانِ زنجانیہ عالیہ میں یہ سعادت اب تک کسی کے حصہ میں نہیں آئی مگر شہزادہ سید محمد علی زنجانی صاحب تادمِ تحریر کربلا کی مقدس زیارت کے بعد نجف اشرف کی زیارت کے لیے روانہ ہونے والے ہیں۔ خدا ہر مومن کو کربلا معلیٰ کی زیارت نصیب کرے۔ اولیاء اللہ کے شہر شریف کہلاتے ہیں۔ جیسے اوچ شریف، ملتان شریف، اجمیر شریف مگر مولا علیؑ کی جائے مدفین نجف اشرف کہلاتی ہے۔ مدینہ کو مدینۃ المنورہ اور مکہ کو مکۃ المعظمہ سے یاد کیا جاتا ہے۔ آسمانوں پر خود اللہ کی جگہ **عرشِ معلیٰ** اور روئے زمین پر یہ مقام صرف کربلا کی سرزمین کو حاصل ہے، جسے **کربلا معلیٰ** کہا جاتا ہے۔ گویا قربانیٔ حسین نے متوجہ کردیا کہ اللہ خود یہاں اپنے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کے ساتھ چلا آیا اور بتایا کہ یہ میرا عبد، میرا بندہ، میرے محبوب کا نواسہ حسینؑ ہے۔ یومِ عاشور کربلا اللہ اپنے سبھی انبیاء کے ساتھ چل کر یہاں آگیا اور اس جگہ کو معلیٰ کا لقب مل گیا۔ آئمہ معصومینؑ سے مصدقہ روایات ہیں کہ ہر شب جمعہ یہاں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء، تمام اولیاء اللہ اور کروڑ فرشتے یہاں حاضری دیتے ہیں۔ شب جمعہ حرم مولا حسینؑ میں قیام اور قبولیت دعاؤں کی بہت فضیلت ہے۔ سید الشہداء مولا حسینؑ کربلا معلیٰ شرف معرفت سے حاضری کے لیے ایک مقبول حج، دوسری روایت کے مطابق 70 مقبول حج، تیسری روایت کے مطابق 700 مقبول حج کا ثواب ہے۔ واللہ اعلم امام حسینؑ کی زیارات کی کتنی فضیلت ہے۔ یہی سبب ہے کہ انٹرنیشنل آزاد میڈیا کے مطابق چند سالوں سے ماہِ محرم اور صفر میں 3،3 کروڑ زائرین امام حسینؑ کی آمد کربلا معلیٰ ہوتی ہے او رکیوں نہ ہو۔ فرمانِ رسول ﷺ ہے کہ حسینؑ منی انا من الحسینؑ۔ خواجہ غریب نواز فرماتے ہیں کہ حقا کہ بنا لا الہ است حسینؑ۔ اور جسے جنت میں جانے کی خواہش ہو۔ فرمانِ رسولؐ ہے کہ حسنؑ اور حسینؑ شبابِ اہل جنت ہیں۔ امام حسنؑ اور امام حسینؑ ہی جوانانِ جنت کے سردار ہیں۔ ان کی محبت ہی حصولِ جنت ہے۔

شاہ زنجانی کی امریکہ روانگی

شاہ زنجانی سے بالمشافہ ملنے والے بہن بھائی قارئین آئینہ قسمت نوٹ فرمالیں کہ یکم تا 15 مئی 2016ء سیدّ انتظار حسین شاہ زنجانی امریکہ نجی دورے پر رہیں گے۔ لہٰذا اپنے ماہانہ پروگرام کراچی تشریف نہ لاسکیں گے۔

نواز حکومت کو آئینی مارشل لاء کا خطرہ؟

نواز شریف حکومت کو مستقبل قریب میں آئینی مارشل لاء کا کوئی خطرہ ہے؟ علم النجوم کی روشنی میں ہم مستقبل قریب کا تجزیہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تیسری مرتبہ وزارت عظمیٰ ان کے لیے کانٹوں کی سیج سے کم نہیں ہے۔

منجم سید انتظار حسین شاہ زنجانی

مارشل لاء پاکستانی جمہوری آئین کے برعکس ہے۔ مگر کیا کریں 1947ء سے 2012ء تک پانچ مارشل لاء اور ایک جوڈیشل مارشل لاء لگا۔ جناب وزیر اعظم نواز شریف 22 کروڑ پاکستانی عوام میں خوش قسمت ہیں کہ تیسری مرتبہ وزیر اعظم بنے بلکہ اس مرتبہ تو وزیر اعظم بننے کے ساتھ ساتھ بہت ساری وزارتیں بھی انہوں نے اپنے پاس رکھی ہوئی ہیں۔ موجودہ عالمی سیاسی تناظر میں جہاں وزیر خارجہ کی عالمی روابط کے لیے بہت زیادہ ضرورت پڑتی ہے۔ خصوصاً حالیہ را کے پکڑے جانے والے ایجنٹ کے بعد حق تو بنتا تھا کہ پاکستانی وزارت خارجہ دنیا کے سامنے پاکستان کے خلاف ہونے والی دہشت گردی کے ملوث ملک بھارت کے خلاف شور مچاتی مگر کیا کریں وزیر اعظم خود ہی وزیر خارجہ ہیں۔ یہ سعادت آئی ایس پی آر اور میڈیا پر کامران خان کو دینے کو ملی۔ گذشتہ سال CPNE کے ایک بڑے سالانہ خطاب میں وزیر اعظم نواز شریف صاحب کو عرض کرتے ہوئے بتایا گیا تھا کہ پاکستان کا زائچہ جمہوری نہیں بلکہ عسکری زائچہ ہے۔ اسی سبب بار بار پاکستان میں مارشل لاء لگ جاتے ہیں۔ جبکہ ہمارے ساتھ ہی آزاد ہونے والے ملک بھارت میں 1947ء سے لے کر 2016ء اب تک جیسی تیسی جمہوریت چل رہی ہے۔ پاکستانی زائچہ عسکری، جبکہ بھارتی زائچہ جمہوری ہے۔ پاکستانی عسکری زائچہ میں ہی ستاروں کی نشست ادوار سیارگان کے ساتھ ساتھ 100% جمہوریت کے برعکس سول حکومتوں میں بھی فوج کا عمل دخل رہتا ہے۔ یوں سمجھ لیں کہ پاکستان میں سول جمہوری مارشل لاء حکومتوں کا تسلسل چلا آرہا ہے۔ تیسری مرتبہ حلف وزیر اعظم نواز شریف کے زائچہ کا ثمرہ بھی کچھ زیادہ نیک نہیں 12،8،6 نحس گھروں میں راہو، کیتو، عطارد، زہرہ، مشتری، زحل اور راہو چھ کواکب حلف وزارت عظمیٰ کی کرسی میں بیٹھے ہیں۔ یکے بعد دیگرے ملکی سیاسی خارجہ مسائل ہی مسائل لامتناہی سلسلے جاری ہیں۔ حال ہی میں پانامہ لیگ نے عالمی سطح پر جو غضب کرپشن کہانیاں جاری کی ہیں، اس میں نواز شریف خاندان کو تحفظات میں ڈال دیا ہے۔ نواز حکومت کے لیے اس سے بچ نکلنا آسان نہ ہوگا۔ تیسری مرتبہ وزارت عظمیٰ ان کے لیے کانٹوں کی سیج سے کم نہیں ہے۔ 27 مارچ گلشن اقبال لاہور نے ایک بار پھر قوم کو یکجا اور حکومت اور فوج نے ملک بھر میں چھپے ہوئے دہشت گردوں کے خاتمہ کے لیے ضرب عضب کا دائرہ پنجاب میں بھی پھیلا دیا ہے۔ انسانی جانوں کے دشمن جہاں بھی ہوں انہیں کیفر کردار تک پہنچانا حکومت وقت کا اولین فرض ہوتا ہے اور ہمارے عسکری ادارے قوم کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں تک کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ پوری قوم شانہ بشانہ اپنی فوج کے ساتھ ہے۔ پاکستان دشمن قوتیں تو خاکم بدہن پاکستان کے چار نہیں بلکہ آٹھ ٹکڑے کرنے پر تلی ہوئی ہیں۔ کھلم کھلا سوشل میڈیا پر بھارتی سیاستدان اور وزیر اعظم ہند پاکستان کو سبق سکھانے کی باتیں عام کرتے ہوئے دکھا دیتے ہیں۔ اُدھر پاکستانی وزیر اعظم بمعہ وزیر خارجہ کی جانب سے مسلسل خاموش و کمزوری دکھائی جا رہی ہے۔

18 اگست چاند گرہن حلف وزیر اعظم، چوتھے 24،25،26 اگست طالع میں قران نحسین مریخ زحل یکم ستمبر دسویں سورج گرہن اور پھر 16 ستمبر چوتھے چاند گرہن لگنے سے نواز حکومت آئینی مارشل لاء کی زد میں آجائے گی۔

وزیر اعظم نواز شریف کے ذاتی زائچہ میں 18 اگست چاند گرہن چھٹے ملازمت کے گھر میں 24،25،26 اگست قران نحسین زحل مریخ تیسرے ان کے حوصلہ ہمت کے گھر میں لگ کر حوصلہ میں کمزوری لا رہا ہے۔ یکم ستمبر سورج گرہن

بارہویں خفیہ سازشوں کو ابھارے۔ 16 ستمبر پھر چھٹے چاند گرہن وزارتِ عظمٰی کی کمزوری کا اشارہ ہے۔

حلف وزیر اعظم کے زائچہ کے دسویں عزت کے گھر کا حاکم شمس 15 اکتوبر تا 15 نومبر بارہویں ہبوط یافتہ رہے تو تب اقتدار کو خطرہ عظیم ہوگا۔ حکومت کمزور یا ہاتھ سے چلی جائے۔ تب آئینی ایمرجنسی، سرحدوں پر جنگی خطرات جیسے متعدد خطرات رہیں۔

2016ء عالمی امیدیں اور خوف کا سال

بہت دفعہ اس بات کا ذکر کر چکے ہیں 2016ء اور 2020ء جنگ کے سال ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ بتایا جائے ایسا کیوں ہوگا؟ مارچ سے ستمبر تک مریخ اور زحل کا قران ہوگا اور تاریخ گواہ ہے کہ جب ان دو سیاروں کی نظر بنتی ہے تو دنیا کے بیشتر ممالک میں تباہی ہوتی ہے۔ چاہے وہ قدرتی آفات ہوں یا دہشت گردی 9 مارچ سورج اور 23 مارچ چاند گرہن مارچ نے جو ہل چل مچائی۔ پوری قوم کے سامنے ہے یکم مارچ ممتاز قادری کی پھانسی (شہادت)، 3 مارچ مصطفیٰ کمال کی کراچی آمد۔ 27،26 مارچ ریڈ زون اسلام آباد، لاہور، کراچی دھرنے لاہور میں دہشت گردی کے ناقابل فراموش واقعات ہوئے۔

پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف پر آئندہ دنوں میں فوج کی طرف سے اس قدر دباؤ بڑھ جائے گا کہ ان کو اپنی سیاست بچانے کی خاطر انڈیا کے ساتھ اپنی خارجہ پالیسی کو مخالف انڈیا بنانا پڑ جائے گا۔ پاکستان کی سالگرہ 14 اگست

2016ء کے بعد نواز شریف کا اقتدار کسی بھی وقت تبدیل ہو سکتا ہے۔

1998ء میں نواز شریف نے انڈیا کے ساتھ امن معاہدے کیے، لیکن پرویز مشرف نے کارگل وار کا آغاز کیا جو نواز شریف کے جانے کی سب سے بڑی وجہ بنا۔ **یہ سال دو شریفوں کے درمیان مقابلہ کرائے گا۔ ایک فوج کا شریف اور دوسرا سیاسی شریف صاف ظاہر ہے کہ فوجی شریف جیت جائے گا۔ حکومت کو بڑا جھٹکا لگ سکتا ہے**، جو خبروں کی زینت رہے گا۔

پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ دہشتگردی کا ہوگا۔ کچھ اپنے ہی لوگ نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ سب سے بہتر بات یہ ہے کہ تعلیمی میدان میں پاکستان کافی نمایاں رہے گا اور پاکستانی طلبہ بڑے بڑے اعزازات اپنے نام کر سکتے ہیں۔ دوست ممالک کی جانب سے بیرونی سرمایہ کاری پاکستان آئے گی۔ حالات جتنے مرضی خراب ہوں، معاشی اعتبار سے پاکستان مضبوط رہے گا۔

داعش ISIS

جتنی مرضی داعش کی مخالفت ہو یہ پوری دنیا خاص طور پر انڈیا کے نوجوانوں کو اپنی طرف راغب کرے گا۔ مگر اس کو کافی بڑی تباہی دیکھی پڑے گی۔ شام اور عراق کے علاقہ اس کو واپس کرنے پڑیں گے۔ داعش اپنا مرکز کسی اور ملک ٹرانسفر کرنے پر مجبور ہو جائے گا۔ اس کی قیادت کے اعلیٰ عہدیدار اور ابوبکر کی

(بقیہ صفحہ نمبر 31 پر)

پاکستان کا نیا زائچہ 20 دسمبر 1971ء بمقام اسلام آباد 14:58:20 pm کے مطابق بنایا گیا ہے، اس زائچے کی درستگی کو جانچنے کے لیے درج ذیل تجزیہ پیش کیا جارہا ہے۔

زائچہ پاکستان میں طالع ثور کے 3 درجہ 33 دقیقہ طلوع ہیں، یہی پاکستانی زائچے کے حساس درجات ہیں، جب بھی کوئی موافق یا نا موافق سیارہ ان درجات سے کوئی نظر قائم کرتا ہے تو اچھے یا برے نئے واقعات ظہور میں آتے ہیں، پاکستانی زائچے کے لیے راہو کیتو کے علاوہ سیارہ مریخ، زہرہ اور مشتری منحوس اثر رکھنے والے سیارے ہیں، یہ سیارگان جب بھی کسی بھی گھر میں ایک درجے سے 9 درجے تک حرکت کرتے ہیں تو خرابیاں جنم لیتی ہیں، سیارہ عطارد، قمر، شمس اور زحل زائچے کے سعد اور مثبت اثر رکھنے والے سیارے ہیں، جب بھی یہ زائچے کے ایک سے 9 درجات پر کسی بھی گھر میں حرکت کرتے ہیں تو فوائد اور بہتری لاتے ہیں، اسی طرح زائچہ پیدائش میں موجود سیارگان سے نحس یا سعد سیارگان کے نظرات بھی اچھے اور برے اثرات کا سبب بنتے ہیں۔

بارھویں گھر کا منحوس حاکم سیارہ مریخ زائچے کے ساتویں گھر میں حرکت کر رہا ہے، تقریباً 21 فروری سے سیارہ مریخ زائچے کے ساتویں گھر میں داخل ہوا اور ایک سے 9 درجات تک رہتے ہوئے اس نے ملک کی ساکھ کو خاصے نقصانات پہنچائے، حد یہ کہ پاکستان ایشیا کپ میں بنگلہ دیش سے بھی ہار گیا، ٹی ٹوئنٹی میں شرکت کے لیے ٹیم روانہ کرنا ایک مسئلہ بن گیا تھا اور بالآخر ٹیم کی کارکردگی اس ٹورنامنٹ میں بھی انتہائی خراب رہی، اپریل میں اگرچہ مریخ ابتدائی درجات سے آگے بڑھ چکا تھا لیکن دسویں گھر کے حاکم سیارہ زحل کے مقابل آگیا اور زحل دسویں گھر کا حاکم ہے، اس کا تعلق وزیراعظم اور حکومت سے ہے لہٰذا حکومت کی ساکھ خطرے میں پڑ گئی، سانحہ لاہور اور اسلام آباد کے ریڈ زون میں دھرنے کی کوشش نے حکومت کی ساکھ کو بری طرح متاثر کیا، اس کے نتیجے میں پنجاب میں فوجی آپریشن شروع ہو چکا ہے، مزید مسائل جناب وزیراعظم کے لیے پاناما لیکس نے پیدا کردیے ہیں جو آسانی سے کنٹرول میں آنے والے نہیں، بے شک حکومت اس صورت حال پر قابو پالے گی لیکن اس دوران میں جو نقصانات حکومت کو ہو سکتے تھے، وہ ہو چکے، ان نقصانات کا درست اندازہ فی الحال شاید حکومت کو نہ ہو لیکن اس سال 14 اکتوبر سے جب زائچے میں زہرہ کا دور اصغر شروع ہوگا تو حکومت مکمل طور پر فوجی اسٹیبلشمنٹ کے رحم و کرم پر ہوگی، اگر مارشل لا جیسی کوئی سخت کارروائی سامنے نہیں آئی تو بھی موجودہ حکومت کے لیے اپنی بقا کی جنگ لڑنا ناممکن ہو جائے گا۔

سیارہ مریخ اسی ماہ رجعت پر چلا جائے گا اور جون تک دوبارہ برج عقرب کے ابتدائی درجات پر ہوگا، یہ وقت بھی زائچہ پاکستان کے لیے ایک مشکل وقت ہوگا اور خاص طور پر حکومت اور وزیراعظم کے لیے مشکلات لائے گا، ان کی ساکھ مزید متاثر ہوگی، اس حوالے سے جون کا پہلا ہفتہ خاصا اہم ثابت ہوگا۔

سیارہ مریخ جیسا کہ پہلے بھی نشان دہی کی جاتی رہی ہے کہ اس سال ساتویں گھر میں طویل قیام کرے گا اور اگست میں سیارہ زحل سے قران بھی کرے گا، شاید یہی وہ وقت ہوگا جب حکومت مکمل طور پر اپنا اثر ورسوخ کھودے گی اور نام نہاد جمہوریت کی بساط لپٹنے کا عمل شروع ہو جائے گا۔

اس زائچے کا دوسرا سب سے منحوس سیارہ مشتری ہے جو فی الحال زائچے کے چوتھے گھر میں حرکت کر رہا ہے لیکن اگست کے دوسرے ہفتے میں زائچے کے پانچویں گھر میں داخل ہوگا اور ابتدائی درجات پر ہونے کی وجہ سے زائچے کے پانچویں، نویں، گیارھویں اور پہلے گھر کو متاثر کرے گا لہٰذا مریخ اور مشتری کے مشترکہ نحس اثرات پوری طرح اثر انداز ہوں گے جن کی وجہ سے کوئی ایمرجنسی کی صورت حال پیدا ہو سکتی ہے، نویں اور گیارھویں گھر پر مشتری کی نظر آئین سے ماورا کسی اقدام کی نشان دہی کرتی ہے، اسمبلی کا وجود خطرے میں پڑ سکتا ہے، جمہوریت کی بساط لپٹ سکتی ہے (واللہ اعلم بالصواب)۔

زندہ وفا کا نام ہے زینب کے نام سے
آگاہ اب بھی شام ہے زینب کے نام سے

مجلس کا اہتمام ہے زینب کے نام سے
یہ کربلا دوام ہے زینب کے نام سے

زینب کا ہر بیان ہے تفسیر کربل
زینب کا امتیاز ہے تشہیر کربل

☆☆☆

اسلام کا سرمایہ تسکین ہے زینب
ایمان کا سلجھا ہوا آئین ہے زینب

حیدر کے خدوخال کی تزئین ہے زینب
شبیر ہے قرآن تو یاسین ہے زینب

یہ گلشن عصمت کی وہ معصوم کلی ہے
تطہیر میں زہرا ہے تو تیور میں علی ہے

☆☆☆

جب قلم لکھنے لگا حضرتِ عباس کا نام
پھول بن بن کے کھلا حضرتِ عباس کا نام

جب بھی آلودہ فضاؤں میں کھلے اُن کا علم
پاک کرتا ہے فضا حضرتِ عباس کا نام

یوں لگا گھر میں میرے چاند اُتر آیا ہے
میں جو دُہراتا رہا حضرتِ عباس کا نام

تھی کڑی دھوپ مجھ پہ گھنا سایا تھا
بس میرے ذہن میں تھا حضرتِ عباس کا نام

مشکلیں آکے میرے پاس پڑی مشکل میں
اُن کو بھی لینا پڑا حضرتِ عباس کا نام

نام عباس کا عباس نہیں ہوتا اگر
بلقین ہوتا وفا حضرتِ عباس کا نام

مجھ کو ریحان میری ماں نے سکھائی ہے یہ بات
بس وظیفہ ہو تیرا حضرتِ عباس کا نام

آل نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں جتنے صغیر و کبیر ہیں
سب ورثہ دار زور شہ قلعہ گیر ہیں

بے مثل و بے جواب ہیں اور بے نظیر ہیں
اپنی جگہ پہ سب ہی جناب امیر علیہ السلام ہیں

بے تیغ جنگ جیتے تو اصغر کہیں اسے
اس سے بھی ہو بزرگ تو اکبر کہیں اسے

☆☆☆

اتنا خدا نے بہتر و برتر بنا دیا
جان علی شبیہ پیمبر بنا دیا

اب اس سے بڑھ کے ہوگا بھلا کونسا شرف
پہلے علی بنایا پھر اکبر بنا دیا

☆☆☆

اہل زباں سے پوچھو نہ اہل بیان سے
اس کا شرف بلند ہے سارے جہان سے

آتا ہے اس کا نام بھی نام خدا کے ساتھ
اکبر کا کیا شرف ہے یہ پوچھو اذان سے

از تحریر: ڈاکٹر کرنل الطاف طاہر

قَلبُ المُؤمِنِ عَرشُ اللہِ تَعَالٰی

ترجمہ: قلبِ مومن اللہ تعالیٰ کا عرش ہے

”اور جب نکالا تیرے ربّ نے بنی آدم کو اُن کی پشتوں سے اور گواہ بنایا اُن کی اولاد کو اِن کی جانوں پر، (فرمایا) کیا نہیں ہوں میں تمہارا ربّ؟ تو اُنہوں نے کہا ہاں، کیوں نہیں، ہم نے گواہی دی، ایسا نہ ہو کہ قیامت کے دن تم کہو کہ ہمیں اِس بات کا علم نہ تھا“۔ اللہ ﷻ نے تمام بنی آدم کو عالمِ ارواح میں اکٹھا فرما کر اُن کے آگے درج بالا آیت والا یہ سوال رکھا: اَلَسۡتُ بِرَبِّكُمۡ (کیا نہیں ہوں میں تمہارا ربّ؟)
اِس اَمر کا فیض تھا کہ سماعت متحرک ہوئی، عقل نے سوچ کی جنبش لی اور گویائی کو قوت میسر آئی۔ گویا اقرار اور استفسار کا ماحول بنا اور حاضرین نے اقرار کیا اور اللہ ﷻ نے گواہی لی کہ جب قیامت کے دن تم سے استفسار کروں تو یہ نہ کہنا کہ ہمیں ربّ سے متعارف نہ کروایا گیا اور ہم تو بے خبر تھے۔
اِس عہد و پیماں کے ساتھ اِنسان کو زمین پر بھیجا گیا کہ دُنیا داری کے دُھوکے میں کون ہے جو اپنے ربّ کے ساتھ کئے گئے اِس عہد کو یاد رکھتا ہے۔
آپ توجہ کیجئے زندگی کے اِس سفر کے خاتمہ پر یعنی مرنے کے بعد قبر میں پہلا سوال بھی یہی ہوگا، یعنی کہ: مَنۡ رَّبُّكَ (کون تھا ربّ تمہارا)

اِن سوالات کے الفاظ اور ترکیب دیکھیں کہ جب ربّ سامنے ہے تو ذوالجلالی انداز میں پوچھا، کیا میں نہیں ہوں تمہارا ربّ؟ اور جب در گور ہیں اور تنہائی میں کوئی اشارہ یا نشانی بھی موجود نہیں تو سوال آ گیا کون تھا تمہارا ربّ؟ یعنی اب چناؤتی دی جا رہی ہے گویا اِنسان خود بولے کہ کس کو ربّ مانا؟ لہٰذا قبل از پیدائش اور بعد از موت کے سوال سے یہ بات کھل کر سامنے آ رہی ہے کہ ہم دراصل اِس دُنیا میں اپنے ربّ کی تلاش میں ہیں۔

وَاِذۡ اَخَذَ رَبُّكَ مِنۡۢ بَنِىۡۤ اٰدَمَ مِنۡ ظُهُوۡرِهِمۡ ذُرِّيَّتَهُمۡ وَ اَشۡهَدَهُمۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ‌ اَلَسۡتُ بِرَبِّكُمۡ‌ؕ قَالُوۡا بَلٰى‌ شَهِدۡنَا‌ ‌اَنۡ تَقُوۡلُوۡا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنۡ هٰذَا غٰفِلِيۡنَ (172/7)

مگر شومئی قسمت کہ ہم میں سے اکثر عالمِ عدم کا وعدہ بھول جاتے ہیں اور ربّ کی تلاش میں دَر دَر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ کبھی کسی غیر کی طرف دامن کشاء ہوتے ہیں تو کبھی کسی دوسرے سے اُمیدیں لگا لیتے ہیں۔ گویا کہ ربّ اور سب میں فرق نہ سمجھ کر ذلیل و خوار ہوتے رہتے ہیں۔ اِس ستم ظریفی پر غور کیجئے کہ اَمرِ ربّی کے ساتھ پروان چڑھنے والا یہ اِنسان کیسے کیسے متضاد رویوں کا اظہار کرتا ہے۔ کہیں ہر چیز کو ربّ سمجھ لیتا ہے اور گھٹیا ترین چیزوں بلکہ خود کی تخلیق کردہ صورتوں (بتوں) کو اپنا معبود بنا کر سجدہ ریز ہو جاتا ہے۔ تو کہیں خود خدا بن بیٹھتا ہے اور اپنے ہی خالق و مالک سے ٹکر لینے کو تیار ہو جاتا ہے۔ المختصر حقیقی ربّ کی طرف یکسوئی نہ ہونا دراصل اِنتہائی منافقت اور شرک کا ثبوت ہے۔ آپ غور کریں تو اندازہ ہوگا کہ اللہ ﷻ کے اسماءِ مبارک میں سے واحد اسم ”ربّ“ ہے۔ جس میں عام انسان کی سوچ ہمیشہ منقسم ہی رہتی ہے کیونکہ صفتِ ربوبیت پر ایمان لانا مشکل تر کام ہے۔ وجہ یہ ہے کہ کوئی اِنسان بھی اپنے آپ کو کسی بھی طرح خالق، بدیع یا پھر الاوّل الآخر ثابت نہیں کر سکتا، کیونکہ ایسی صفات اِنسان میں ثابت ہو ہی نہیں سکتیں۔ گویا اُسمائے مبارک میں سے بس ربوبیت ایسا اسم ہے جس میں اِنسان ڈنڈی مار سکتا ہے۔ اِسی وجہ سے نمرود، فرعون اور ہامان جیسے لوگوں کی بپا کی حد سے بڑھ گئی اور وہ سرکش ہو گئے۔
چھوٹے درجہ پر دیکھیں تو کسی کمپنی کا مالک (باس) اور خاندان کا سربراہ اپنے انداز میں ربّ بنا ہوتا ہے۔ گویا یہ چھوٹے چھوٹے ربّ نما دھوکے ہمیں اصل ربّ تک پہنچنے نہیں دیتے۔ کیونکہ زمین میں جو کچھ اللہ ﷻ نے پیدا کیا وہ سب کیلئے تھا، مگر طاقتور کھلے ظلم اور جبر کے ذریعے اسکے ناجائز وارث بن بیٹھے اور رزق کی تقسیم کا نظام زبردستی اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔ ربّ العالمین فرماتا ہے:

خَلَقَ لَـكُمۡ مَّا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا (آیت کا حصہ)

”زمین میں سب چیزیں تمہارے لئے پیدا کی ہیں۔ (29/2)
اِنسان کی تخلیقی صلاحیتوں پر توجہ کریں تو کھلتا ہے کہ اِنسان کا نفس امارہ دراصل جب جاہ اور سرداری کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے۔ یہ ہمیشہ چاہتا ہے کہ

اپنے ہمعصر لوگوں پر بلندی اور فوقیت حاصل کرے تاکہ مخلوق اس کی محتاج ہو اور بلاشرکت غیرے اُس کے حکم کی اطاعت اور پیروی کرے۔ وہ خود کسی کا محتاج نہ ہو اور نہ کوئی اس پر حکم چلائے۔ یہ دراصل اس کی طرف سے دعویٰ خدائی اور ربّ ذُوالجلال ولاا کرام سے دعویٰ ہمسری ہے۔ تاہم حقیقت یہ ہے کہ ہماری پوری کائنات فطرتاً محتاج ہے اور انسان اپنی ذات میں سب سے بڑا محتاج ہے۔ کیونکہ جو ضروریات باقی پوری مخلوق کو فرداً فرداً درکار ہیں وہ مجموعی طور پر ہر انسان کو درکار ہیں۔ قدرت نے اس محتاجی کو ہی انسان کی خوبی بنا دیا ہے، کیونکہ اس کی بندگی اور مسکینی اسی راہ سے پیدا ہوتی ہے۔ بقول شاعر

ضرورت توڑ دیتی ہے غرور و بے نیازی کو
نہ ہوتی کوئی مجبوری تو ہر بندہ خُدا ہوتا

تاہم اس بات میں کمزور تر پہلو یہ ہے کہ اس محتاجی کے باعث انسان ہر شئے سے تعلق رکھنا چاہتا ہے۔ گویا حد سے زیادہ تعلقات حق سے رُوگردانی کا سبب بنتے ہیں اور انسان اپنے گھر بہت کھلے کرنے کے چکر میں اپنی قبریں بہت تنگ کر لیتے ہیں۔ یوں کہہ لیں کہ انسان محرم کے بجائے محروم اور پھر اسی کیفیت میں مرحوم ہو جاتا ہے۔ یہ محتاجی جب خواہشات میں تبدیل ہو جاتی ہے تو انسان اپنی کمزوریوں کے باعث اپنی خواہشات کو ہی اپنا ربّ مان لیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝ (43/25)

''آپ نے اُس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہشات کو اپنا خُدا بنا لیا ہے؟ کیا آپ ایسے شخص کو راہ راست پر لا سکتے ہیں؟''

تخلیق آدم پر سجدہ سے انکاری ابلیس بھی یہ کہتا بنا کہ میں آدم کو اس کی خواہشات اتنی خوبصورت بنا کر دکھاؤں گا کہ وہ اسی میں ہی بہک رہے گا اور اپنے ربّ کو بھول جائے گا۔

قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۔ (39/15)

(ابلیس) بولا: ربّ! جیسا تو نے مجھے بہکا دیا ہے اسی طرح میں زمین (خواہشات) اِن کو خوشنما کر کے دکھاؤں گا اور اِن سب کو بہکا کر چھوڑوں گا۔ تاہم اللہ ﷻ کا کرم ہے کہ اس نے اپنے آپ کو ربّ العالمین کے طور پر منوانے کے لئے بڑے خوبصورت اشارے مہیا کئے۔ مثلاً قرآن، الحمدللہ ربّ العالمین سے شروع ہو کر برب الناس پر ختم فرمایا حتیٰ کہ واضح کر دیا کہ سب کچھ تباہ ہو جائے گا سوائے ربّ کی ذات کے: كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ (26-27/55)

جو کچھ ہے سب فنا ہونے والا ہے۔ اور تمہارے ربّ کی ذات ہی باقی رہ جائے گی جو بڑی عظمت اور اکرام والا ہے۔

علاوہ ازیں، آپ غور کریں کہ صلوٰۃ جو عظیم تر عبادت ہے اس میں بھی بار بار یاددہانی کیلئے جھنجھوڑ کر ربّ کی تکرار کروائی جاتی ہے۔ مثلاً ابتداء میں ہی سورۃ فاتحہ میں ربّ کا اقرار اور پھر رکوع (سبحان ربی العظیم) قومہ (ربّنا ولک الحمد) اور سجدہ میں بھی ربّ کی ہی پہچان کروائی جاتی ہے۔ گویا کہ وہ مقام آ جاتا ہے کہ مصلّی کو زمین بوس یعنی سجدہ ریز کروا کر بھی یہی تکرار کروائی جاتی ہے۔ (سبحان ربی الاعلیٰ) کمال قدرت ہے کہ آخری مقام تک یعنی اختتام صلوٰۃ پر قعدہ آخیرہ میں دعا و خیرات بھی اسی ربّ سے ہی مانگی جاتی ہے (ربی جعلنی) تاکہ کہیں بھی شک کی گنجائش نہ رہے کہ آپکا ربّ کون ہے۔ اس کے باوجود بھی کسی کو شک رہ جائے تو اس کے نصیب۔ بابا بلھے شاہؒ نے فرمایا ہے:۔

ربّ ربّ کر دے بڈھے ہو گئے ملاں پنڈت سارے
ربّ دا کھوج کھرا نہ لبھا سجدے کر کر ہارے
ربّ تے تیرے اندر وسدا وچ قرآن اشارے
بلھے شاہ ربّ اُوہنوں ملے جیہڑا اپنے نفس نوں مارے

شاہ زنجانی اور جسٹس سیّد دیدار حسین شاہ کی زیارت مقدسہ سے واپسی پر عبدالمجید صدیقی سابق آئی جی (پرزن) سندھ نے عشائیہ دیا۔ اس موقع پر الحرمین ٹریولز کے مالک سیّد نوازش رضا کو ان کی بہترین کارکردگی پر اپریل 2016ء کا آئینہ قسمت فریم شدہ شیلڈ پیش کی گئی۔ تصاویر میں ہندو برادری کے سابق صدر دیوان صاحب بھی نمایاں ہیں۔

ماہِ شعبان کی برکات

معراج النبیؐ کی حکمتیں عظمت رسالتؐ اور انعامات الٰہی

از تحریر: سید مصور علی زنجانی

واقعۂ معراج نے عظمت سرکارؐ کا اہم باب اجاگر کیا

اللہ تعالیٰ نے دیگر انبیاء کو معجزات عطا کئے مگر اپنے محبوب ﷺ کی ذات مبارک کو مکمل معجزہ بنا دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مکمل زندگی میں پندرہ سو معجزات ظہور پذیر ہوئے مگر مصطفی جان رحمت ﷺ سے صرف سفر تبوک میں پندرہ سو سے زائد معجزات کا صدور ہوا۔ رسول اکرم ﷺ کے معجزات میں سے معراج کا واقعہ بہت ہی اہمیتوں کا حامل، مادی دنیا سے بالکل ماوراء اور عقل انسانی کے قیاس وگمان کی سرحدوں سے بہت زیادہ بالاتر ہے۔ حضور ﷺ کو روحانی معراج ۳۴ مرتبہ اور جسمانی معراج ایک مرتبہ ہوئی۔ (تفسیر روح البیان)

معراج کس لئے ہوئی؟

معراج کس لئے ہوئی؟ اس کا جواب قرآن مجید میں موجود ہے یعنی ہم نے اپنے حبیب علیہ الصلاۃ والسلام کو معراج میں اس لئے بلایا تا کہ ہم ان کو اپنی قدرت، اپنی ربوبیت، اپنی حکمت غرض کہ اپنی تمام صفات اور تمام کائنات کا مشاہدہ کرا دیں۔ خداوند قدوس کی نشانیاں دو قسم کی ہیں۔ ایک آیات صغریٰ یعنی چھوٹی نشانیاں۔ اور دوسری آیات کبریٰ یعنی بڑی بڑی نشانیاں۔ سورہ والنجم میں رب العزت جل جلالہ نے فرمایا کہ محبوب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج میں اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیوں کو دیکھا مطلب یہ کہ آیات صغریٰ تو بہت سے خواص یعنی انبیاء علیہم السلام واولیاء کرام کو دکھائی گئیں مگر آیات کبریٰ یعنی بڑی بڑی نشانیوں کو دیکھ لینا یہ صرف نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا حصہ تھا، جن کو دکھانے کیلئے رب العرش نے آپ کو معراج میں بلایا۔ اب یہ سوال رہا کہ کن کن آیات کبریٰ کا رب العزت نے اپنے حبیب کو مشاہدہ کرایا؟ اور کون کون سے بڑی نشانیوں کو حبیب خدا نے دیکھا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا علم اللہ اور رسول کے سوا کسی کو نہیں۔ اس کو تو بس دکھانے والا ہی جانتا ہے کہ اس نے کیا کیا دکھایا اور دیکھنے والے ہی جانتے ہیں کہ انہوں نے کیا کیا دیکھا؟

معراج کہاں سے کہاں تک ہوئی؟

معراج کہاں سے کہاں تک ہوئی؟ اور اس کی اعتقادی حیثیت کیا ہے؟ تو اس کے بارے میں اہل حق کا عقیدہ یہ ہے کہ معراج مسجد حرم سے مسجد اقصیٰ تک اور مسجد اقصیٰ سے آسمانوں کے اوپر بالائے عرش مجید جہاں تک رب العالمین نے چاہا محبوب کی سیر فرمائی۔ معراج کی اعتقادی حیثیت کے بارے میں عام طور پر علما نے یہ لکھا ہے کہ مسجد حرم سے مسجد اقصیٰ تک معراج کا ثبوت تو قرآن مجید سے ہے اور اس کا انکار کرنے والا کافر ہے اور مسجد اقصیٰ سے آسمان دنیا تک معراج حدیث مشہور سے ثابت ہے اور اس کا منکر بدعتی وگمراہ ہے اور آسمان اول سے بالائے عرش تک کی معراج خبر واحد سے ثابت ہوئی ہے اور اس کا انکار کرنے والا فاسق ہے۔ (تفسیرات احمدیہ، ص ۳۲۸) مگر محققین علماء کا قول یہ ہے کہ مسجد حرام سے سدرۃ المنتہیٰ تک کی معراج کا ثبوت بھی قرآن مجید سے ہے، چنانچہ سورہ بنی اسرائیل کی آیت "سبحٰن الذی سے اسریٰ تک" میں معراج کا ثبوت بالکل واضح ہے اسی طرح سورہ والنجم کی آیات کریمہ سے آپ کا سدرۃ المنتہیٰ تک تشریف لے جانا بھی بالکل ظاہر ہے، سورہ والنجم میں ارشاد خداوندی ہے کہ انہیں تعلیم دی سخت قوتوں والے طاقتور نے پھر اس جلوہ نے قصد فرمایا اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ پر تھا، پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا، پھر خوب اتر آیا۔ تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔ اور فرمایا: اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔ مزید فرمایا: دل نے جھوٹ نہیں کہا جو دیکھا تو کیا تم ان سے ان کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو؟ انہوں نے تو جلوہ دوبارہ دیکھا۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس، اس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ (ترجمہ رضویہ) (بقیہ صفحہ نمبر 37 پر)

یوں تو خداوند عالم نے ہمارے نبی کریم ﷺ کو تمام عالمین کے لئے مجسم رحمت بنا کر بھیجا مگر افسوس کہ ہم اس رحمت مجسم سے فیض حاصل کرنے سے بڑی حد تک محروم ہیں۔ جس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ہم آنحضرت کی ذات بابرکات کی معرفت حاصل کرنے میں قاصر رہے ہیں۔ کسی نے اُن کو اپنے جیسا ہی خاکی بشر سمجھا اور جملہ نقائص بشریٰ سے آپ کی ذات والا صفات کو ملوث سمجھا حتیٰ کہ آنحضرت ﷺ کی حیات ابدی اور حاضر و ناظر ہونے کے منکر اور علم غیب سے آنحضرت ﷺ کو عاری سمجھا اور مثل دوسرے انسانوں کے آپ کو مردہ (نعوذ باللہ) خیال کر کے بغرض استمداد یا رسول اللہ کہہ کر پکارنا اور آپ کے اسم گرامی زبان پر آتے وقت ہاتھوں کی انگلیوں کو چومنا اور آنکھوں پر رکھنا یا بوقت ذکر میلاد آنحضرت ﷺ تعظیم کے لئے کھڑے ہونا شرک اور بدعت تصور کیا۔ حالانکہ ہمیں سابقہ اور امت حاضرہ میں بہت سے ایسے خوش قسمت انسان ملیں گے جنہوں نے صرف آپ کے نام کی تعظیم، محبت اور الفت سے ایسے فیوض و برکات حاصل کئے کہ جنت الفردوس کی دنیا ہی میں سند حاصل کر لی اپنے بگڑے ہوئے کام بنائے یہی نہیں بلکہ آپ کے اسم گرامی کے ساتھ حسن عقیدت کی وجہ سے انبیاء تک کو اپنی تجہیز و تکفین کے لئے بلا کر چھوڑا اور یہیں تک نہیں بلکہ کل سابق انبیاء نے آپ کو دریائے رحمت سے فیض حاصل کرتے ہوئے دنیاوی و اخروی مشکلات سے نجات حاصل کی۔ آج ہم صرف چند معتبر واقعات علامہ عبدالرحمٰن ابن عبدالسلام الصفوری الشافعی جو 900ھ کے نامور علماء میں سے ہیں کی کتاب منتخب العفائس مطبوعہ مصر سے نقل کرتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کے عقیدت مندوں کے لیے سرمہ بصیرت ثابت ہوں گے۔

بنی اسرائیل میں ایک مرد تھا جو بڑا فاسق و فاجر تھا اس کے فسق و فجور سے تنگ آ کر لوگ اسے اپنی بستی سے نکال دیتے تھے اس طرح اپنے فسق و فجور کی وجہ سے جس بستی میں جاتا لوگ اُسے نکال دیتے اسی طرح سو سال اُس کے فسق و فجور اور نافرمانی میں گزرے یہاں تک کہ مرگیا جب وہ مرگیا تو بنی اسرائیل نے اس کی لاش کو گھسیٹ کر گندگی کے ایک ڈھیر پر پھینک دیا خداوند عالم کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ ہمارا ایک دوست مرگیا ہے جا کر اس کی تجہیز و تکفین کرو اور نماز جنازہ پڑھو کیونکہ اُس شخص نے نَظَرَ فِی التوراتِ اسم محمد ﷺ فَقَبَّلَهٗ وَوَضَعَهٗ عَلٰی عَلَیۡهِ و هل عَلَیۡهِ فَغَفَرتُ لَهٗ وَ زوجه یا لحوراء۔ یعنی اے موسیٰ علیہ السلام اُس نے توریت میں میرے محبوب محمد مصطفیٰ ﷺ کا اسم گرامی دیکھا تو اُس نام کو چوما اور دونوں آنکھوں پر رکھا اور اُن پر درود شریف پڑھا اس لئے میں نے اُس کے تمام گناہوں کو بخش دیا ہے اور جنت میں حوروں کے ساتھ اس کا عقد کر دیا ہے۔ منتخب النفعائس جلد 2 صفحہ 93۔

اب وہ حضرات اس واقعے سے عبرت حاصل کریں جو آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی کو چومنا آنکھوں پر رکھنا شرک اور بدعت خیال کرتے ہیں اور اُن کو اپنے اس عقیدہ باطلہ سے توبہ کرنی چاہئے کہ امم سابقہ کے خوش قسمت لوگ تو ہمارے رسول کریم ﷺ کے رحمۃ اللعالمین ہونے سے فیض یاب ہوں اور ہم مسلمان باوجود آنحضرت ﷺ کے اُمتی ہونے کے شرک اور بدعت کے فتوؤں میں اُلجھ کر آپس ہی میں کشت و خون کے لئے میدان ہموار کرتے رہیں اگر چشم بصیرت سے دیکھا جائے تو آنحضرت ﷺ کے نام کی تعظیم وہ فعل پسندیدہ ہے جس سے سو سال کے گنہگاروں کے گناہ بھی بخشے جاتے ہیں اور وہ حوران جنت سے ہم آغوش ہوتے ہیں اور ہم شرک اور بدعت کی ضدوں میں خود بھی فیض رحمت سے محروم رہتے ہیں حالانکہ یہ فعل پسندیدہ آج کی نہیں بلکہ حضرت آدم علیہ السلام کی سنت ہے کیونکہ جس وقت فرشتوں

نے حضرت آدم علیہ السلام کی پشت کی طرف سجدہ کیا؟ تو جواب ملا کہ اے آدم یہ تجھے سجدہ نہیں بلکہ تری پشت میں جو نور مبارک ہے اُس کی تعظیم کے لئے فرشتوں کو حکم دیا گیا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی کہ خداوند عالم میں بھی اُس نور کی زیارت کرنا چاہتا ہوں تو نور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے پیشانی میں آیا اور پھر حضرت آدم کے ہاتھ کی انگلیوں میں آیا جب آپ کی نظر اس نور مبارک پر پڑی تو آپ نے انگلیوں کو چوما اور آنکھوں پر رکھا۔ آپ کی انگلیوں میں انہیں پنجتن پاک کا نور تھا جن کے طفیل آپ کی توبہ قبول ہوئی۔ تفصیل کے لئے دیکھیں مدارج النبوۃ۔ ملا معین کاشفی۔

آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی کی دوسری برکت اور انصاریوں کے جد اعلیٰ کی آنحضرت ﷺ کے ساتھ والہانہ محبت، آنحضرت ﷺ کی پیدائش سے ایک ہزار سال پہلے کا واقعہ

منتخب الخصائص جلد 2 صفحہ 96 مطبوعہ مصر عبدالرحمٰن ابن عبدالسلام جو نویں صدی کے مشہور علماء سے ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے کتاب شرف المصطفیٰ میں دیکھا ہے کہ قوم تبع کا بڑا بادشاہ جس کا نام تبع اوّل تھا دنیا کی سیر و تفریح کے لئے معہ لشکر کثیر حشم و خدم اور حکماء کی ایک جماعت کو ساتھ لیکر نکلا اور سیر کرتا ہوا مکہ معظمہ پہنچا۔ اہلِ مکہ نے اُس کی مزاحمت کی اور مکے میں داخل ہونے سے روکا اس پر اُس کو غصہ آیا اور بہت سے اہلِ مکہ کو تہ تیغ کر دیا مال لوٹ لیا۔ عورتوں کو قید کر لیا اور خانہ کعبہ کو منہدم کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ خدا کی شان کہ اُس کے کان اور ناک سے بدبودار پیپ بہنا شروع ہوگئی اور بیمار ہوگیا۔ حکماء کی جماعت جو اس کے ساتھ تھی ان میں سے ہر ایک نے اپنا اپنا زور لگایا اور اُس کے علاج میں سعی بلیغ کی مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ آخر انصاری صاحبان کے جد اعلیٰ جو حکماء کی جماعت میں سرفہرست تھے علاج کے لئے بلائے گئے انہوں نے بادشاہ کے وزیر سے فرمایا کہ اگر بادشاہ میری ایک بات ماننے پر تیار ہو جائے تو میں اس کا علاج کر سکتا ہوں یہ کوئی ارضی مرضی نہیں ہے۔ جس کا علاج حکیم و طبیب کر سکیں۔ بادشاہ اس بات پر تیار ہوگیا۔ حکیم موصوف بادشاہ کی خدمت میں پہنچے اور عرض کیا کہ جہاں پناہ حکیم صرف ارضی امراض کا علاج کر سکتے ہیں۔ آسمانی امراض کے علاج سے حکیم اور طبیب عاجز ہیں۔ آپ کا مرض آسمانی ہے اور یہ ہے کہ آپ نے جو خانہ کعبہ کو منہدم کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا ہے یہ مرض اُسی کا ردِ عمل ہے۔ اگر آپ اس مرض سے نجات چاہتے ہیں تو خانہ کعبہ کے انہدام کا ارادہ ترک کر دیجئے آپ کو ابھی شفا ہو جائے گی۔ چنانچہ بادشاہ نے اپنے ارادے کو ترک کیا اور اس فعل بد سے توبہ کی اللہ تعالیٰ نے فوراً ہی شفا بخشی اور حکیم صاحب موصوف کا روحانی علاج کامیاب ہوا۔ بادشاہ اُسی وقت خدا پر ایمان لے آیا اور کعبہ شریف پر نہایت خوشنما غلاف چڑھایا اور یہ سب سے پہلا غلاف ہے جو بادشاہ تبع اوّل نے کعبے شریف پر چڑھایا (یہ مصنف مذکور کی تحقیق ہے میرے نزدیک حق یہ ہے کہ سب سے پہلا غلاف حضرت اسماعیل علیہ السلام نے چڑھایا تھا جو اُن کی بیوی نے قبیلہ بنی ذجرہم کی عورتوں کی امداد سے اُون کات کر تیار کیا تھا۔ پھر تبع اوّل مکے سے مدینے کی جانب روانہ ہوا وہاں ایک چشمے پر قیام کیا جو نہایت سرسبز و شاداب پُر رونق اور آب و ہوا کے لحاظ سے ہر طرح مناسب تھا۔ تمام حکماء کی یہ رائے ہوتی کہ یہاں کچھ دن قیام کیا جائے۔ بادشاہ نے پوچھا یہ کون سا مقام ہے حکماء نے جواب دیا کہ یہ مقام عنقریب خیر کثیر سے بھر جائے گا اور یہاں پر نبی آخر الزمان جس کا نام محمد ﷺ ہے آئے گا جس کی جائے پیدائش مکہ ہے اور منتہائے ہجرت یہی مقام ہے جہاں ہم ٹھہرے ہوئے ہیں۔ فوراً ہی بادشاہ کے دل میں آنحضرت ﷺ کا اسم گرامی عن کر عشق و محبت کی لہر دوڑ گئی اور اُس نے حکم دیا کہ یہاں اس نبی آخر الزمان ﷺ کے واسطے چار سو مکان تعمیر کئے جائیں۔ چنانچہ جب مکان تیار ہو چکے تو اس نے ایک رقعہ لکھا جس میں لکھا تھا یا محمد امنت بك و بربك و انا على دينك فان اوكتك فذالك الذى أريد و الافا شفع لى يوم القيامه فانى من امتك الاوّلين ٥ یعنی اے محمد ﷺ میں آپؐ پر اور آپؐ کے رب پر ایمان لایا اور میں آپؐ کے دین پر ہوں اگر میں نے آپؐ کی زیارت کر لی تو یہی میری مراد ہے ورنہ قیامت کے دن درگاہِ خداوندی میں میری شفاعت فرمائیں کیونکہ میں آپؐ کی امت اولین میں سے ہوں۔ و دفع الكتاب الى الحكيم الذى سئله من ينين۔ یعنی بادشاہ نے یہ رقعہ لکھ کر اُسی حکیم کے سپرد کیا جس کے روحانی علاج سے شفایاب ہوا تھا۔ یعنی انصار کے جد اعلیٰ حکیم معالج کو یہ رقعہ سپرد کر کے اس کو مدینے ہی میں قیام کرنے کا حکم دیکر خود ملک ہند کی طرف چلا گیا اور ہمیشہ یہ رقعہ اُسی حکیم معالج کے پاس محفوظ رہا۔ اُس کے بعد یہ رقعہ اس حکیم کی اولاد در اولاد محفوظ ہوتا چلا آیا حتیٰ کہ ابو ایوب انصاریؓ کے مکان میں قیام فرما ہوئے تو ابو ایوب انصاریؓ نے وہ رقعہ

آنحضرت ﷺ کے حوالے کیا۔ آنحضرت ﷺ نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو دیا کہ پڑھ کر سنائیں رقعے کا مضمون سن کر آنحضرت ﷺ نے فرمایا مرحباً بالاخ المصالح یعنی نیک بھائی شاباش فرمایا اور جب اس رقعے کی تاریخ دیکھی گئی تو وہ آنحضرت ﷺ کے تشریف لانے سے ایک ہزار سال پہلے کا ثابت ہوا۔ اس واقعے سے ہمیں کئی باتیں ثابت ہوئی۔

1۔ انصاریوں ہی کو یہ شرف حاصل ہے کہ جن کے جد اعلیٰ آنحضرت ﷺ کے تشریف لانے سے ایک ہزار سال پہلے ایمان لائے تھے۔

2۔ انصاریوں کے جد اعلیٰ ہی نے تبع اوّل کو مسلمان بنایا اور کعبہ شریف کی انہدام سے بچا کر اپنے ایمان کا غیر فانی ثبوت دیا۔

3۔ آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی میں وہ جاذبیت اور محبت ہے کہ جس کی برکت سے بادشاہ آپ کی اُمت میں داخل ہوا اور چار سو مکان آنحضرت ﷺ کے لئے تیار کئے۔ افسوس ہے کہ ہم آنحضرت ﷺ کے نام کی تعظیم کو بدعت اور شرک سمجھیں۔

آنحضرت ﷺ کے نام کی تیسری برکت

کتاب منتخب النفائس جلد 2 صفحہ 113 قال البراء ابن عازب رضی اللہ عنہما قال النبی ﷺ کل دعاء محجوب عن السماء حتی یصلی علی محمد ﷺ و علیٰ آل محمد ﷺ یعنی براابن عازب کہتے ہیں کہ فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ ہر ایک دعا آسمان پر جانے سے روک دی جاتی ہے جب تک آنحضرت ﷺ اور اُن کی آل پر درود شریف نہ پڑھا جائے۔ پس یہ آپ ہی کے نام کی برکت ہے اور آپ کی آل پر درود پڑھنے کا شرف ہے جو ہماری دعائیں آسمان پر باب اجابت تک پہنچتی اور قبول ہوتی ہیں۔ جو شخص آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی کی تعظیم نہ کرے اور ان کی آل سے محبت نہ رکھے ہرگز ہرگز اس کی دعا آسمان اجابت تک نہیں جاسکتی۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

آنحضرت ﷺ کے نام کی چوتھی برکت

منتخب النفائس جلد 2 صفحہ 112 راوی کہتا ہے کہ میں ایک ظالم وجابر بادشاہ کے خوف سے جو میرے تعاقب میں تھا اور مجھ پر ظلم کرنا چاہتا تھا۔ بیابان جنگلوں کی طرف بھاگا لیکن جب جانبری کی کوئی صورت نظر نہ آئی تو جنگل ہی میں زمین پر بیٹھ گیا۔ و خطیت خطا فی الار ض اور میں نے ایک خط زمین پر کھینچا و سمیته قبر محمد ﷺ و ظلیت علیه الف مرة و قلت یا رب انی جعلت صاحب هذه القبر شفیعا الی الیك فامن خوفی من هذا السلطان الظالم بحرمت محمد ﷺ و فهتف بی هاتف نعم الشفیع محمد ﷺ و ان کان بعیدا فی مسافت فاته قریب فی المنزلة و الکرامة اذهب فقها اهلکنا عدوك فاذهب الی السطان فاذابه قدمات۔ یعنی راوی کہتا ہے کہ جب میں نے بادشاہ ظالم وجابر سے کوئی جائے پناہ نہ پائی تو میں زمین پر بیٹھ گیا اور ایک خط زمین پر کھینچا اور اس خط کو آنحضرت ﷺ کی قبر مبارک تصور کیا اور وہیں بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا اور دعا کے لئے ہاتھ اُٹھائے اور درگاہ ایزدی میں عرض کیا کہ اے پالنے والے میں نے اس صاحب قبر کو (یعنی آنحضرت ﷺ) درگاہ میں اپنا شفیع بنایا ہے پس مجھ کو اس ظالم بادشاہ کے خوف سے بے خوف کر دے تجھ کو واسطہ ہے آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی کی حرمت کا پس میرا یہ دعا کرنا تھا کہ ہاتف غیبی کی آواز آئی کہ بہترین شفاعت کنندگان ہیں محمد مصطفیٰ ﷺ اگرچہ وہ مسافت میں دور ہیں لیکن منزلت اور کرامت میں قریب ہیں۔ جا ہم نے تیرے دشمن کو ہلاک کر دیا ہے جب وہ واپس گیا تو معلوم ہوا کہ وہ بادشاہ مر گیا ہے اس واقعے سے چند باتیں ثابت ہوتی ہیں۔

1۔ بغیر مردے کی فرضی قبر بنانا جائز ہے۔

2۔ فرضی قبر پر دعا مانگنا اور صاحب قبر کو شفیع بنانا جائز ہے۔

3۔ خدا نے اُس کی دعا کو قبول فرما کر اور ہاتف غیبی نے تصدیق کر کے اُس شخص کے فرضی قبر بنانے اور صاحب فرضی قبر سے سفارش کرانے کے جواز کی تصدیق کر دی۔ امام حسین علیہ السلام کے تعزیہ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا۔ معلوم نہیں مسلمانوں کو امام حسین علیہ السلام سے کیا دشمنی ہے۔ اگر بابا بلھے شاہ کا جلوس نکلے اور بجائے تعزیہ بلھے شاہ کی ٹوپی اور گدڑی کا مظاہرہ کیا جائے تو جائز اگر امام حسین علیہ السلام کا گھوڑا نکالا جائے تو شرک و بدعت اگر علامہ مشرقی کے جنازے کا جلوس نکالا جائے اور ان کی پارٹی کے نشانات کا مظاہرہ کیا جائے۔ سبیلیں لگائی جائیں تو جائز مگر امام حسین علیہ السلام کا جلوس ناجائز اور ہر ممکن طریق سے جلوس کو بند کرانے کی کوشش بہت بڑی دینی خدمت (لاحول ولاقوۃ الا باللہ) اگر ایسا ہی دین کا پاس اور اپنی آخرت کا خیال ہے تو انسان کو اپنے نفس کی اصلاح کرنی چاہئے۔ پھر اس جبر و استبداد و قید و بند قتل و غارت کے ذرائع اختیار کر کے کسی فرقہ کو اپنے معتقدات کا قائل بنانا یہ کونسی دینی خدمت ہوتی ہے جبکہ لا اکراہ فی الدین خدا قرآن میں پکار پکار کر فرما رہا ہے۔ فقط و ما علینا الا البلاغ

آپؑ کا نام: محمدؐ ہے۔ **آپؑ کے والد:** امام حسن عسکری علیہ السلام۔ **آپؑ کے دادا:** امام علی ہادی علیہ السلام۔ **آپؑ کی والدہ:** نرجس خاتون ہیں اور کہا گیا ہے کہ ملیکہ بنت یشوعا بن قیصر روم ہیں اور اس خاتون کی والدہ حواریئن کی اولاد میں سے ہیں جو شمعون وصی عیسیٰؑ کی طرف منسوب ہیں۔ **آپؑ کی کنیت:** ابوالقاسم ہے (جو رسول اللہؐ کی کنیت ہے)۔ **آپؑ کے القاب:** مہدی، قائم، منتظر، صاحب الزمان، حجت خاتم اور صاحب الدار ہیں۔ **آپؑ کی ولادت:** آپؑ 15 شعبان کی رات میں 255ھ میں سر من رائی (سامراء) میں پیدا ہوئے۔ **آپؑ کا حلیہ:** آپؑ کا چہرہ مبارک سفید سرخی مائل اور گندم گوں ہے، آپؑ کی پیشانی فراخ روشن اور تاباں ہے، آپؑ کے ابرو ایکدوسرے سے ملے ہوئے ہیں، آپؑ کے رخسار طویل ہیں، ستواں ناک دراز اور ایک سار ہے، اسکا سرا اُٹھا ہوا ہے جس کا حسن دیکھنے والے کو تعجب میں ڈال دے۔ گویا آپ درخت دیان کی ٹہنی ہیں اور آپ کا چہرہ گویا کوکب دری ہے۔ آپؑ کے دائیں رخسار پر ایک تل ہے، گویا وہ کستوری کی ڈلی ہے جو سفید چاندی پر رکھی ہو، سر پر کان تک بالوں کی (زلفیں) اور نرم بال کانوں کی لو تک اُٹھے ہوئے ہیں، قد و قامت ایسا کہ اس سے زیادہ میانہ قد آنکھوں نے نہیں دیکھا اور نہ ہی حسن وحیاء میں کوئی آپؑ سے زیادہ معروف رہا۔

آپؑ کی پہلی غیبت جس کو غیبتِ صغریٰ کہا جاتا ہے اسکی مدت انہتر سال ہے اور اس غیبت میں آپؑ نے اپنے سفراء اور نائب مقرر کیے تھے۔ آپؑ کا ان سے رابطہ تھا اور آپکے احکامات انکی طرف جاری ہوتے تھے۔ **آپؑ کے اہم سفراء یا نائبین یہ ہیں:** (۱) ابوعمرو عثمان بن سعید بن عمرو عمری اسدی۔ (یہ امام ہادی اور امام عسکری علیہما السلام کے وکیل رہ چکے تھے)۔ (۲) انکے بیٹے ابوجعفر محمد بن عثمان بن سعید متوفی 304ھ۔ (۳) ابوالقاسم حسین بن روح بن ابو بحر نوبختی (326ھ میں انتقال کیا)۔ (۴) ابوالحسن علی بن محمد سمری 329ھ میں انتقال کیا۔ آپؑ کی دوسری غیبت، غیبت کبریٰ کہی جاتی ہے۔ یہ غیبت 329ھ یعنی جناب علی بن محمد سمری کی وفات کے بعد شروع ہوئی۔ یہ غیبت کبریٰ اس وقت تک ہے کہ جب خدا آپکو ظہور کا حکم دے۔ **آپؑ کا نقش نگیں:** "انا حجتہ وخاصتہ"۔ آپؑ کے جھنڈے پر لکھا ہے "البیعۃ للہ" بیعت صرف اللہ کے لیے ہے۔ آپؑ کے انصار اہل بدر کی تعداد میں تین سو تیرہ افراد ہیں اور وہ خاص حضرات اور علمبردار آپؑ کے ظہور کے بعد شہروں میں آپؑ کے عامل اور گورنر مقرر ہونگے۔ آپؑ کے ظہور کی جگہ مکہ مکرمہ ہے، آپؑ کا بیعت لینے کا مقام رکن و مقام کے درمیان ہے۔ آپؑ کا لشکر دس ہزار افراد پر مشتمل ہوگا۔ آپؑ کی حکومت تمام عالم پر ہوگی۔ آنحضرتؐ سے یہ حدیث متواتر مروی ہے کہ (یملاء الارض قسطاً وعدلاً کما ملئت ظلماً و جوراً) آپؑ زمین کو عدل وانصاف سے اس طرح پُر کردیں گے جیسے وہ ظلم وجور سے پُر ہوگی۔ اکثر روایات کے مطابق آپؑ کی حکمرانی کی مدت پانچ سال ہے، بعض روایات میں سات سال، نو سال یا انیس سال کا ذکر ہے۔ کچھ روایات میں اس مدت سے زیادہ کا بھی ذکر ہے۔

آپؑ قرآن حکیم کی نظر میں: (1) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "فاستبقوا الخیرات اینما تکونو ایأت بکم اللہ جمیعا۔" یعنی خیرات اور اچھے کاموں میں ایکدوسرے سے سبقت کرو جہاں کہیں بھی تم ہوگے خدا تم کو اکٹھا کر لائیگا۔ (بقرہ 148)۔ ابن عباس اسکی تفسیر کرتے ہیں اور انہوں نے کہا (مخاطب) قائمؑ کے اصحاب ہیں کہ جنہیں خدا ایک ہی دن میں یکجا کر دیگا۔ ابوجعفرؑ سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا: "خیرات" سے مراد ولایت ہے

اور خداوند تعالیٰ کا ارشاد "اینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعا"۔ اور جہاں کہیں ہوگے تو خدا تم سب کو لے آئے گا۔ سے مراد قائمؑ کے اصحاب ہیں۔ جن کی تعداد تین سو تیرہ ہوگی۔ آپ نے فرمایا کہ خدا کی قسم وہ امت معدودہ (شمار اور منتخب کیے ہوئے) ہیں۔ خدا کی قسم وہ خریف کے بادلوں کی طرح ایک ہی ساعت میں اکٹھے ہو جائیں گے۔ ابو عبداللہؑ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: امام مہدیؑ اور انکے اصحاب پہلے سے کیے ہوئے وعدہ کے بغیر اکٹھے ہونگے۔

آنحضرتؐ ظہور مہدی علیہ السلام کی بشارت دیتے ہیں: (1) حضرتؐ نے فرمایا کہ یہ دن راتیں ہرگز نہیں گزریں گی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ میرے اہل بیتؑ میں سے ایک مرد کو مبعوث کریگا جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا، وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیگا، جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی۔ (2) احمد، ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے آنحضرتؐ سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ دنیا کے ختم ہونے میں ایک دن بھی باقی رہ جائے تو خدا اس دن میرے اہل بیتؑ میں سے ایک شخص کو بھیجے گا جو اسے عدل و انصاف سے پُر کردیگا جس طرح وہ ظلم وجور سے پُر ہوگی۔ (3) آنحضرتؐ نے حضرت فاطمۃ الزہراؑ سے فرمایا کہ مہدیؑ تمہاری اولاد میں سے ہوگا۔

امیر المؤمنین علیہ السلام ظہورِ مہدی علیہ السلام کی بشارت دیتے ہیں: محمد بن حنیفہ نے اپنے والد بزرگوار امیر المؤمنینؑ سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مہدی عجل اللہ فرجہ ہم اہل بیت میں سے ہیں۔ خدا انکے معاملے کو ایک رات میں درست کردیگا۔

آئمہ طاہرین علیہم السلام ظہورِ مہدی علیہ السلام کی بشارت دیتے ہیں: امام حسینؑ نے فرمایا! ہم میں سے بارہ مہدی ہیں۔ انکے اول امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں اور ان میں سے آخری میری اولاد میں سے نویں ہیں، وہ امام قائمؑ بالحق ہیں۔ انکے ذریعے خداوند عالم زمین کو مردہ ہونے کے بعد زندہ کریگا۔ انکے ذریعے دین حق کو باقی تمام ادیان پر غلبہ عطا کریگا، اگرچہ مشرکین اسکو ناپسند کرتے ہیں۔ انکے لیے ایک غیبت ہے جس کے دوران کئی قومیں مرتد ہو جائیں گی، جو اس دین پر ثابت قدم رہیں گے، انکو اذیت پہنچائی جائے گی، ان سے کہا جائے گا کہ یہ وعدہ کب پورا ہو گا، اگر تم سچے ہو! یاد رکھو جس نے انکی غیبت میں اذیت، تکلیف اور تکذیب پر صبر کیا وہ اس مجاہد کے مثل ہے جس نے رسول اللہؐ کے سامنے تلوار سے جہاد کیا ہو۔

آپ علیہ السلام کے ظہور کی علامات: (1) آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہم میں سے اس امت کے مہدیؑ ہیں۔ جب دنیا میں فتنہ وفساد برپا ہوگا، فتنے ظاہر ہوں گے، راستے کٹ جائیں گے، بعض دوسروں پر غارتگری کریں گے۔ نہ بڑا چھوٹے پر رحم کریگا اور نہ چھوٹا بڑے کی عزت وتوقیر کریگا، اسوقت اللہ تعالیٰ ہمارے مہدیؑ کو جو حسینؑ کی صلب میں سے نویں میں مبعوث کریگا، وہ گمراہی کے قلعوں کو فتح کریگا اور بند دلوں کو کھولے گا۔ وہ دین کیلئے آخری زمانے میں قیام کریگا، جس طرح میں نے پہلے زمانے میں قیام کیا ہے، وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیگا جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی۔

آپ علیہ السلام کی کچھ دعائیں: آپؑ کی ایک دعا: یا نور النور، یا مدبر الامور یا باعث من فی القبور۔ صل علی محمد و ال محمد و اجعل لی ولشیعتی من الضیق فرجا و من الھم مخرجا و اوسع لنا المنھج و اطلق لنا من عندک مایفرج و افعل بنا ما انت اھلہ یا کریم یا ارحم الراحمین۔ ترجمہ: اے نور روشنی کو نور بخشنے والے! اے امور کی تدبیر کرنیوالے اور جو قبروں میں ہیں، انکو اٹھانے والے، محمدؐ وآل محمدؐ پر اپنی رحمت نازل فرما اور مجھے اور میرے ساتھیوں کو تنگی اور ضیق سے فرج اور کشائش عطا فرما اور غم اور پریشانی سے نکلنے کی جگہ اور کشادہ کردے، ہمارے لیے کشائش کے راستے اور کھول دے، ہمارے ساتھ وہ سلوک کر جس کا تو اہل ہے، اے کریم! اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنیوالے ہیں۔

آپ علیہ السلام کی سلطنت و حکومت: بلاشبہ آپؑ کی حکومت ساری دنیا پر محیط ہوگی اور آپؑ کے عدل وانصاف سے پوری انسانیت مستفید ہو گی، ساری دنیا پر دین اسلام کا غلبہ ہوگا۔ یہ حدیث شریف متواتر ہے: یملأ الارض قسطا و عدلا کما ملئت ظلما و جورا (آپؑ زمین کو عدل و انصاف سے اس طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی۔

امام مہدی علیہ السلام صحاح ستہ میں: (1) آنحضرتؐ نے فرمایا: تمہاری حالت وکیفیت کیا ہوگی جب ابن مریمؑ تم میں نازل ہونگے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہوگا۔ (2) تمہارے خلفاء میں سے ایک ایسا خلیفہ ہوگا جو مٹھیاں بھر بھر کے مال دیگا، گن گن کر نہیں۔ (3) آپؐ نے فرمایا: مہدیؑ

میری عترت میں سے اولادِ فاطمہؑ سے ہوگا۔

فرمانِ امام مہدی آخر الزمانؑ صدقہ کے بارے میں: افضل ترین صدقہ وہ ہے جو تم ایسے رشتہ داروں کو دو جو تم سے قلبی طور پر دشمنی رکھتے ہوں۔ (ہدیۃ الشیعہ)

معجزہ حضرت امام مہدی علیہ السلام: فرمانِ حضرت امام مہدیؑ: "میں ہی مہدیؑ ہوں، میں وہی قائم الزمانؑ ہوں، میں ہی زمین کو اس طرح عدل و انصاف سے بھر دوں گا، جس طرح وہ ظلم و جور سے بھر چکی ہوگی۔ زمین حجت خدا سے خالی نہیں رہتی۔" (بحوالہ: بحار الانوار، جلد 2، صفحہ 6)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

اسماعیل ہرقلی ایک مخلص مومن تھا وہ سید ابن طاؤس کے دور کا فرد تھا۔ اس کی ران میں ایک زخم ہوگیا، جس سے اُسے شدید اذیت ہوتی تھی۔ موسم بہار جیسے ہی شروع ہوتا تو اس کا زخم کھل جاتا تھا اور اس سے خون نکلنے لگتا تھا۔ اسماعیل نے بہت علاج کرایا لیکن کہیں سے بھی شفا نصیب نہ ہوئی، شدتِ درد کی وجہ سے وہ بے چارہ موت کی تمنا کرتا تھا، مگر موت اُس سے دور تھی۔

ایک مرتبہ وہ سید ابن طاؤس کے پاس آیا، آپ نے حلہ شہر کے تمام اچھے طبیب بلوائے اور انہیں اسماعیل کا زخم دکھایا۔ معائنے کے بعد تمام ڈاکٹروں نے کہا کہ زخم کا تعلق اس کی رگوں سے ہے اور جب ہم زخم کا علاج کریں گے تو ہمیں وہ رگیں کاٹنا پڑیں گی اور یوں صرف رگیں ہی نہیں کٹیں گی، اس کے پاؤں کو کاٹنا پڑے گا اور اس کا آپریشن نہ کیا گیا تو یہ مر جائے گا۔

سید ابن طاؤس نے اسماعیل سے فرمایا: میں عنقریب بغداد جانا چاہتا ہوں، میں تمہیں اپنے ساتھ بغداد لے جاؤں گا وہاں بڑے بڑے ڈاکٹر رہتے ہیں ممکن ہے تم ان کے علاج سے شفایاب ہو جاؤ۔ لیکن بغداد میں بھی تمام اطباء نے تائید کی کہ اس کا علاج نہیں ہو سکتا، اس خبر سے سید پریشان ہو گئے۔

اسماعیل نے سید ابن طاؤس سے عرض کیا: مجھے اجازت دیجیے کہ میں جا کر امام علی نقی اور امام حسن عسکری علیہم السلام کی زیارت کا شرف حاصل کروں۔ الغرض اسماعیل چلا گیا اور حرم میں داخل ہونے کے بعد امام زمانہ عج اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے سرداب میں اترا اور وہاں بیٹھ کر اس نے زیارت اور نماز پڑھنی شروع کی۔

دوسرا دن ہوا تو اس نے اپنے دل میں کہا کہ مجھے سب سے پہلے دریائے دجلہ پر جانا چاہیے اور وہاں جا کر خون اور زخم دھونا چاہیے اور اس کے بعد غسل کر کے حرم میں آؤں گا اور اللہ تعالیٰ سے معصومینؑ کے توسل سے دعا مانگوں گا۔ عین ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ میری بیماری دور کر دے اور مجھ پر نگاہِ رحمت فرمائے۔

یہ سوچ کر وہ دریائے دجلہ پر گیا، وہاں اپنے خون آلودہ کپڑے دھوئے اور خود نہایا اس اثناء میں اس کے سامنے چار سوار نمودار ہوئے، ان میں سے تین سوار اکٹھے تھے اور ایک سوار علیحدہ تھا۔ ان سواروں میں سے ایک شخص پختہ عمر کا دکھائی دیتا تھا، جو گھوڑا سوار اکیلا تھا وہ اسماعیل کے قریب آیا اور اس نے اس کا نام لے کر کہا: اسماعیل! مجھے اپنا زخمی پاؤں دکھاؤ۔ اپنا نام سن کر اسماعیل پریشان ہوا، پھر اس نے سوچا کہ اگر میں نے اُسے اپنا زخم دکھایا اور اس نے اُسے مس کیا تو زخم سے دوبارہ خون بہنے لگے گا اور کپڑے دوبارہ نجس ہو جائیں گے، اس لیے اس نے تھوڑا سا تامل کیا، گھوڑا سوار آگے بڑھا اور اس نے اس کے زخم پر اپنا ہاتھ رکھا اور تھوڑا سا زور دیا۔

پختہ عمر کے آدمی نے کہا: اسماعیل! تم کامیاب ہو گئے ہو۔

اسماعیل نے کہا: خدا تم سب کو کامیابی عطا فرمائے۔

پھر پختہ عمر کے شخص نے کہا: کیا تم اس بزرگوار کو جانتے ہو؟ سنو! یہ تمہارے آقا و مولا حضرت صاحب الزمان عج اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہیں۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ عَجِّلْ فَرَجَھُمْ

اسماعیل نے جیسے ہی حضرت کا نام سنا تو وہ دیوانہ وار آپؑ کے قدموں کا بوسہ لینے کے لیے حضرتؑ کی طرف دوڑا۔ امام زمانہؑ نے فرمایا: اسماعیل! رک جاؤ۔ اسماعیل رک گیا لیکن دل کو قرار نہ آیا۔ پھر مولاؑ کے پیچھے دوڑنے لگا۔ مولاؑ نے اس کو دوبارہ واپس جانے کا حکم دیا۔ وہ رک گیا لیکن پھر دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اپنے آقا و مولاؑ کی قدم بوسی کے لیے دوڑنے لگا تو اس پختہ عمر بزرگ نے جسے اس نے حضرت خضرؑ سمجھا تھا، اُسے مخاطب کر کے کہا: اسماعیل! شرم کرو، جب تیرے امامؑ نے تجھے لوٹ جانے کے لیے کہا تو تجھے اُن کی اطاعت کرنا چاہیے۔

اسماعیل پر ایسی غفلت طاری ہوگئی، گویا وہ نیند سے اُٹھا ہو۔ امام عج اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف نے فرمایا: جب تو بغداد جائے گا تو عباسی خلیفہ تجھے کچھ رقم دے گا تو

وہ رقم قبول نہ کرنا اور ہمارے فرزند سید ابن طاؤس سے کہنا کہ وہ تیرے لیے علی بن عوض سے سفارش کرے، ہم خود بھی تیرے متعلق سفارش کر دیں گے۔

یہ حکم دینے کے بعد امام مہدیؑ (عج) اس کی نگاہوں سے غائب ہو گئے۔

اسماعیل کو یوں لگا جیسے اس نے جاگتے میں خواب دیکھا ہو۔ اس کے بعد اس نے اپنے پاؤں کو دیکھا تو اس میں کسی زخم کا کہیں نام ونشان تک نہ تھا۔۔۔۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ و عَجِّلْ فَرَجَھُم

اسماعیل نے دل میں کہا ممکن ہے مجھے اشتباہ ہو رہا ہو، زخم دوسرے پاؤں میں ہو، اس نے دوسرے پاؤں کو بھی خوب دیکھا، اسے وہاں بھی کوئی زخم دکھائی نہ دیا، وہ خوشی خوشی اڑتا ہوا سامرا آیا، جب اہل سامرا اس سے واقف ہوئے تو انہوں نے اس پر ہجوم کر لیا اور اس کے کپڑوں کو تبرک سمجھ کر کاٹنے لگے۔

اسماعیل سامرا سے فوراً بغداد آیا، اس کے آنے سے پہلے اہل بغداد کو اس واقعے کی خبر مل چکی تھی۔ اس کے استقبال کے لیے سید ابن طاؤس بھی حلہ سے بغداد تشریف لائے۔ آپ نے اسماعیل سے فرمایا: یہ سارا ہجوم تمہاری زیارت کے لیے آیا ہے۔ تم مجھے اپنا پاؤں دکھاؤ۔ اسماعیل نے وہ جگہ دکھائی جہاں امامؑ زمانہ محمد مہدی عج اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف نے ہاتھ رکھا تھا۔ سید ابن طاؤس فرطِ عقیدت سے بے ہوش ہو گئے، لوگ انہیں بڑی مشکل سے ہوش میں لائے۔

سید ابن طاؤس، اسماعیل کو ساتھ لے کر وزیر کے پاس آئے۔ وزیر نے کہا: پہلے ہم اِن تمام اطباء کو جمع کرتے ہیں، جنہوں نے اس کے زخم کا مشاہدہ کیا تھا، اس کے بعد ہم آپ کی بات کی تصدیق کریں گے۔ الغرض اطباء وزیر کے پاس آئے۔ سید ابن طاؤس نے ان سے فرمایا کہ آپ حضرات نے کتنا عرصہ قبل اسماعیل کے زخم کا ملاحظہ کیا تھا؟

ڈاکٹروں نے کہا: یہ آج سے دس دن پہلے کا واقع ہے۔ سید نے فرمایا: اس کے زخم کی کیا حالت تھی؟ ڈاکٹروں نے کہا: اس کا زخم لاعلاج تھا۔

سید نے فرمایا: اگر بفرض محال تمہاری دواؤں سے صحت یاب ہو بھی جاتا تو صحت یابی کے لیے کتنا عرصہ درکار ہوتا؟

ڈاکٹروں نے کہا: اگر بفرض محال یہ ہماری دواؤں سے صحت یاب ہوتا بھی تو اس کے لیے کم از کم دو ماہ کا عرصہ لگ جاتا اور زخم کی جگہ پر کبھی بال نہ اُگتے اور پوری زندگی زخم کا نشان باقی رہتا۔ اس کے بعد اسماعیل نے انہیں اپنے دونوں پاؤں دکھائے، جن پر زخم کا ہلکا سا نشان تک نہیں تھا۔

ان ڈاکٹروں نے ایک عیسائی ڈاکٹر بھی موجود تھا، اس نے یہ دیکھ کر کہا: خدا کی قسم! اسے عیسیٰ علیہ السلام نے شفا دی ہے۔ سید ابن طاؤس نے فرمایا: اسے عیسیٰ علیہ السلام نے بلکہ عیسیٰ علیہ السلام کے مولاؑ نے شفا دلائی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ و عَجِّلْ فَرَجَھُم

اور عیسیٰ علیہ السلام کے مولا وہ ہیں جن کی اقتدا میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نماز ادا کریں گے اور وہ امام مہدی آخرالزماں عج اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہیں۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ و عَجِّلْ فَرَجَھُم

اسماعیل کی شفایابی کی خبر خلیفہ تک پہنچی تو اس نے ایک ہزار طلائی دینار اس کے پاس روانہ کیے، جسے اسماعیل نے قبول نہ کیا۔ جب اس سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو اس نے کہا: جس آقا و مولاؑ نے مجھے شفا دلائی تھی، اس نے مجھے خلیفہ کی رقم قبول کرنے سے منع کیا تھا۔ خلیفہ نے یہ سنا تو وہ بہت پریشان ہوا اور کہنے لگا: معلوم ہوتا ہے کہ ہماری رقم امامؑ کی نظر میں غیر مقبول ہے۔ امام مہدیؑ کی برکت سے کچھ دنوں بعد اسماعیل کو حکومت میں بڑا منصب مل گیا۔

اے رب امام مہدیؑ تجھے عظمت امامؑ کا واسطہ بیمار مومن کو شفا نصیب فرما اور جتنے مومنین بھی اپنی نوکری میں ترقی کے منتظر ہیں۔ امامؑ کے شیعہ کا واسطہ انہیں اپنی نوکریوں میں ترقی نصیب فرما اور کائنات کے وارث امام مہدیؑ کا ظہور فرما۔ آمین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ و عَجِّلْ فَرَجَھُم

توسل الدعا بعد معجزہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوٰاتُكَ وَعَلٰى اٰبَآئِهٖ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ وَلِيًّا وَّحَافِظًا وَّ قَآئِدًا وَّ نَاصِرًا وَّ دَلِيْلًا وَّ عَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا وَّ تُمَتِّعَهٗ فِيْهَا طَوِيْلًا

حوالہ معجزہ: بحار الانوار۔ جلد 52۔ صفحہ 61۔ مصنف علامہ باقر مجلسیؒ

نوائے صالحین سے انتخاب اعمالِ شعبان و اعمالِ نیمۂ شعبان

اعمال ماہِ شعبان

☆اس ماہ میں ستر مرتبہ استغفار کرنا دوسرے مہینوں میں ستر ہزار مرتبہ استغفار کرنے کے برابر ہے۔

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ ماہ شعبان المعظم کے دنوں میں ہر روز ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمٰن، رحیم، زندہ و پائندہ ہے اور میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ شعبان میں یہ استغفار بہت زیادہ پڑھنی چاہیے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ (میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں اور اس سے توبہ کا سوال کرتا ہوں)

☆معتبر روایت میں ہے کہ ماہِ شعبان میں درج ذیل دعا کو ہزار بار پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ

اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے اس کے دین سے مخلص ہیں اگرچہ مشرکین کو ناپسند ہو

فضیلت شبِ نیمۂ شعبان

☆پندرہ شعبان کی رات حضرت امام مہدی علیہ السّلام کی ولادتِ باسعادت کی شب ہے

☆اس کو شبِ برأت (جہنم سے خلاصی کی رات) بھی کہا جاتا ہے۔

☆حضرات امامین صادقین علیہما السّلام سے شب نیمۂ شعبان کی فضیلت کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ شب قدر کے بعد یہ رات سب راتوں سے افضل ہے۔

☆حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ یہ وہ رات ہے کہ جس رات کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کی قسم کھائی ہے کہ وہ اس رات میں کسی کو بھی اپنی بارگاہ سے خالی نہ لوٹائے گا

☆آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اس رات روزی تقسیم ہوتی ہے اور اجل لکھی جاتی ہے اسی رات حاجیوں کے نام لکھے جاتے ہیں اور ہاتف کی طرف سے ندا آتی ہے کہ ہے کوئی جو اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے تاکہ میں اسے بخش دوں ہے کوئی جو روزی طلب کرے تو اضافہ کروں؟

اعمال شبِ نیمۂ شعبان

☆شب برأت کا معنٰی آزادی کی رات ہے اس رات اعمال کیساتھ شب بیداری کرنے والا جہنم کی آگ سے آزاد ہوجاتا ہے

☆شبِ برأت میں غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے اس غسل کے کرنے سے گناہ جھڑتے ہیں۔

☆بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات نماز اور دعا میں بسر کرو اور دن کو روزہ رکھو کیونکہ اس طرح آتش دوزخ سے نجات ملتی ہے۔

☆حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس رات تلاوتِ قرآن مجید اجرِ عظیم کی حامل ہے۔

☆اس رات عبادت میں مشغول رہ کر شب بیداری کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

☆حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس رات عبادت میں بیدار رہے گا تو اس کا دل اس دن (بروزِ قیامت) نہیں مرے گا جب کہ دوسرے دل مردہ ہوں گے۔

☆اس رات دو رکعت نماز "نمازِ امام زمانہ" کی فضیلت وارد ہوئی ہے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد میں اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کو سو مرتبہ تکرار کے ساتھ سورہ مکمل کر کے دوسری سورہ پڑھے

نیت: دو رکعت نماز شب برأت (نیمۂ شعبان) پڑھتا / پڑھتی ہوں قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ

☆نماز کے بعد بلا فاصلہ تسبیح حضرت فاطمۃ الزہرآء علیہا السّلام پڑھے۔

☆اس رات چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورۂ توحید پڑھے کہ اس نماز کے بجالانے والا بخشش کے ساتھ جہنم کی آگ سے آزاد ہوجاتا ہے۔

منتخب عملیات شبِ نیمۂ شعبان

عمل تسبیحاتِ اربعہ: امام محمد باقر علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس رات سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھے گا تو اس کے تمام گزشتہ گناہ بخشے جائیں گے۔

عمل برائے مغفرت: جو کوئی شب نیمۂ شعبان میں سو مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھے گا تو اس کی مغفرت کے آثار ظاہر ہوں گے نیز جو کوئی روز پندرہ شعبان کو نمازِ عصر کے بعد اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ (اے سب سے زیادہ بخشنے والے مجھے بخش دے)

عمل حفاظتِ نفس: علامہ میر داماد مرحوم کے شاگرد خاص سیّد اسماعیل بحرینی سے منقول ہے کہ یہ عمل ایک راز کی حیثیت رکھتا ہے☆ایک مٹھی چنے لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ سورۂ توحید اور تین مرتبہ صلوات پڑھ کر پکایا جائے پھر ان میں سے ہر ایک شخص سات دانے کھائے تو آئندہ نیمۂ شعبان تک تمام امراض اور ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا۔

عمل برائے حاجات: بحوالہ ادعیہ جلالیہ سیّد اسماعیل بحرینی نے فرمایا کہ نیمۂ شعبان میں تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ ان درج ذیل حاجات کی نیت سے پڑھے۔

(۱) برائے طولِ حیات (۲) برائے تندرستی بدن (۳) برائے بے نیازی از مخلوق

☆سورۂ یٰسٓ کے بعد سو مرتبہ درج ذیل تسبیحاتِ اربعہ پڑھے اور لطفِ خفی کا مشاہدہ کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

برائے وبائی امراض: بحوالہ ادعیہ جلالیہ نیمۂ شعبان بعد از نماز مغرب اوّل و آخر صلوات کیساتھ اکیس مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے گا تو آئندہ سال تک ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رہیگا

اَلْاَمَانُ مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ وَمَوْتِ الْفُجَاةِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

پناہ ہو طاعون سے اور وبا سے اور ناگہانی موت سے اور بری قضا سے

تمام پریشانیوں و مشکلات کے لیے مالک حقیقی کی بارگاہِ اقدس میں درخواست پیش کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم — اللھم صل علی محمدؐ و آلِ محمدؐ — اللہ اکبر۔ الحمدللہ۔ سبحان اللہ

از جناب سیّدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

عریضہ بحضور پُرنور قسمت کائنات، لنگر زمین و آسمان جناب امام مہدیؑ ابن جناب حضرت امام حسن عسکریؑ

میرے تمام معاملات خدا کے سپرد ہیں۔ سرکار ولی عصرؑ ہمارے آقا، مولا، نگہبان، وارث، سرپرست ہیں۔ پھر پریشانی/ فکر کیسی؟ اے ہمارے مولا و آقا ہم آپ کے غلام ہیں۔ ہم حیدری، حسینی ہیں۔ (ہم جناب سیّدہ طاہرہؑ کی دعاؤں سے پیدا ہوئے ہیں)۔ ہم آپ کی رعایا ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ خدا آپ کو تمام دشمنوں اور ہر قسم کے شر سے اپنی خصوصی حفظ وامان میں رکھے۔ آپ کا جلد از جلد ظہور ہوتا کہ آپ آ کر دشمنانِ اسلام سے بدلہ لے سکیں۔ پوری کائنات میں فقط ہم نے اپنا سر آپ کے "در اقدس" پر جھکایا ہے۔ میرے مشکلات، پریشانیوں کو حل فرمائیں۔ آپ کو ان کا واسطہ جن کا واسطہ آپ رد نہیں فرماتے۔ میرے مسائل و ضروریات یہ ہیں۔

مولا جلد مدد فرمایئے، جلد مدد فرمائے، ابھی ابھی فوراً، دشمن ہمیں طعنہ زنی نہ کریں کہ آپکے مالک مشکل کشا نہیں

یہاں اپنا نام مع ولدیت لکھیں: ________________

دو رکعت نماز حاجات پڑھیں۔ شب بدھ یا روز بدھ اعمال صاحب العصرؑ بجالائیں عریضہ مولا کی ضریح اقدس یا قرآن پاک میں یا آب جاری میں یہ کہتے ہوئے مولا کے سپرد کریں

اے حسینؓ بن روح آپ پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپکی وفات اللہ کی راہ میں ہوئی۔ آپ اللہ کے نزدیک زندہ ورزق یافتہ ہیں۔ میں آپ سے اس زندگی میں مخاطب ہوں جو آپکو اللہ کے نزدیک حاصل ہے۔ پس میرا یہ رقعہ اور میری حاجات ہمارے مولاؑ جناب امام زمانہ کے حضور پیش کریں، آپ قابل اعتماد وامانتدار ہیں۔

جلالی تسبیح برائے وصولیٔ قرض

نماز کے بعد سجدہ میں جا کر یہ کلمات صرف ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں کامیابی کے بعد صدقہ دیں پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو غذا ڈالیں

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(اے صاحبِ جلال وکرامت)

ذکرِ خیر

بحوالہ بحارالانوار درج ذیل ذکر خیر کو سونے سے پہلے تین مرتبہ پڑھنا ہزار رکعت نماز کے ثواب کے برابر ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو خیر کثیر عطا فرمائے گا

یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ بِقُدْرَتِہٖ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ بِعِزَّتِہٖ

اللہ اپنی قدرت سے جو چاہتا ہے کرتا ہے اور اپنی عزت سے جس کا ارادہ کرتا ہے اسکا حکم دیتا ہے

☆ حدیث نبویؐ ہے کہ اگر کوئی بعد نماز مغرب اس دعا کو سات بار پڑھے گا تو وہ صبح تک اللہ کی امان میں رہیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کے نام سے جس کے نام سے کوئی چیز زمین و آسمان میں ضرر نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے جاننے والا ہے

ذکر کثیر: صاحبِ وسائل الشیعہ اور شیخ کلینیؒ نے اصولِ کافی میں صحت سند کے ساتھ روایت کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو کوئی بعد از نماز مغرب درج ذیل ذکر کثیر کو تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے خیر کثیر عطا فرمائے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَلَا یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ اَحَدٌ غَیْرُہٗ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں کہ جو چاہے کرتا ہے اور اس یکتا کے سوا کوئی جو چاہے تو نہیں کر سکتا

☆ جو شخص درج ذیل اسم اعظم کو روزانہ نماز کے بعد ۱۵۶ مرتبہ یا اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُسکے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمادیگا اور اُسکے گناہوں کے آثار بھی محو ہوجائیں گے۔

اسم اعظم۔ اَلْعَفُوُّ (بہت زیادہ معاف کرنے والا) یَاعَفُوُّ

تسبیح حلّالِ مشکلات: مشکل ترین مہمات کے حل کیلئے ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

یَاقَدِیْمُ یَادَائِمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ

اعمالِ شعبان اور روزمرہ زندگی کی دعائیں

اعمالِ خیر کی توفیق کیلئے

☆ اللہ تعالیٰ کی توفیق اگر شامل حال نہ ہو تو عمل خیر کوئی نہیں بجا لا سکتا اگر کوئی درج ذیل آیت کو ہر نماز کے بعد دو تین مرتبہ پڑھ لیا کرے تو جو عملِ خیر وہ چاہتا ہو اللہ تعالیٰ اسکی توفیق بھی عطا فرمائے گا اور عمل خیر کے لیے اسباب بھی مہیا فرمائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے آسمانوں اور زمینوں کے خالق تو ہی میرا دنیا اور آخرت میں ولی ہے

اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَتَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ (یوسف ۱۰۱)

میں تجھ سے طلب عفو ہوں اور میری موت اسلام پر ہو اور مجھے اپنے نیک بندوں میں شمار فرما

☆ اگر کوئی توفیقاتِ خیر چاہتا ہو تو ہر روز یہ دعا پڑھا کرے تو وہ کبھی بھی گمراہ نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِي الْهُدٰى وَثَبِّتْنِيْ عَلَيْهِ وَاحْشُرْنِيْ عَلَيْهِ اٰمِنًا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے اُس پر ثابت قدم رکھ اور میرا حشر امان کے ساتھ فرما دینا

برائے وسعت رزق

☆ حضرت امیر المؤمنینؑ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا اگر کوئی یہ دعا بعد از نماز صبح و نماز عشاء تین تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے اس قدر مال و دولت عطا فرمائے گا کہ اس کی سات پشتیں بھی محتاج نہ ہوں گی۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے رب اے رب اے رب اے زندہ اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے جلال و بزرگی والے میں سوال کرتا ہوں

الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِيْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

تیرے اُس اسم کے واسطے سے عظیم ہے بس تو مجھے بکثرت رزق حلال و پاکیزہ عطا فرما اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

☆ جو شخص دوپہر کے وقت یا آدھی رات کو ہاتھ اُٹھا کر سو مرتبہ درج ذیل اسمائے حسنیٰ کی تلاوت کریگا تو مرتبہ کے ساتھ اسکے رزق میں وسعت بھی ہوگی یہ اسمائے حسنیٰ عہدہ کی واپسی اور ترقی کے لئے بھی عجیب تاثیر رکھتے ہیں يَا رَافِعُ الرَّافِعُ

☆ کسی ایک نماز کے بعد ہر روز پندرہ مرتبہ اوّل و آخر صلوات کے ساتھ یہ آیات پڑھا کرے تو رزق بے حساب کی فراوانی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے ہمارے رب ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل فرما کہ وہ دن ہمارے اگلوں اور پچھلوں کیلئے عید کا دن

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (المائدہ ۱۱۴)

قرار پائے تیری طرف سے ایک بڑی نشانی ہو اور تو ہمیں روزی دے اور تو سب روزی دینے والوں سے بہتر ہے

☆ شرح اسمائے الٰہی میں منقول ہے کہ جو شخص ہر روز نماز صبح سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اَلرَّزَّاقُ کہے اور داہنے ہاتھ کی طرف سے شروع کرتے ہوئے قبلہ کی جانب کو چلے تو وہ فقر و فاقہ اور بے سروسامانی سے خلاصی پائے گا اور تنگدستی جاتی رہے گی

عمل برائے رزق: یہ عمل حضرت امیر المؤمنینؑ سے منسوب ہے کہ جمعرات کو شروع کرے انتالیس روز تک درج ذیل آیات ہر روز ایک سو انسٹھ (۱۵۹) مرتبہ بلا کمی وبیشی کے پڑھے بہتر ہے کہ نماز فجر کے بعد پڑھے چالیسویں دن ۱۷۹ مرتبہ پڑھے اس طرح درج ذیل آیات کے اعداد کے مطابق کُل تعداد (۶۳۸۰) ہو جائے گی دوران عمل ہی کامیابی نصیب ہوگی۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

اور جو اللہ سے ڈرے گا تو اللہ اس کیلئے نجات کی صورت نکال دے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں وہم بھی نہ ہو اور جس نے

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (سورہ طلاق ۲-۳)

اللہ پر بھروسہ کیا تو وہ اس کے لیے کافی ہے بیشک اللہ اپنے کام کو پورا کر کے رہتا ہے اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے

☆ اگر کوئی اس آیت کو ہر روز سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کے رزق میں فراوانی ہوگی

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (الشوریٰ ۱۹)

اللہ اپنے بندوں پر کریم ہے جس کو چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہ قوی و زبردست ہے

☆ دُرّ المنظیم میں ہے کہ اگر کوئی ان تین اسموں کو ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے گا تو اس کی تنگی معاش وسعتِ رزق میں بدل جائے گی اَلْكَرِيْمُ الْوَهَّابُ ذُو الطَّوْلِ

برائے ادائے قرض

☆ بحوالہ گنج ہائے معنوی امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس دعا کو بعد از نماز سات مرتبہ پڑھے گا تو اس کا قرض ادا ہونے کا رستہ نکل آئے گا اور رزق میں برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کے نام کی مدد سے جو اللہ چاہے نہیں کوئی حرکت قوت سوائے اللہ بلند و بزرگ کے

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ

میں نے توکل کی اس زندہ پر جس کو موت نہیں اور تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں کہ جس نے نہ کسی کو بیوی اور نہ کسی کو اپنا بیٹا بنایا اور نہ ہی اس کی

يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

سلطنت میں اس کا کوئی شریک ہے اور نہ وہ کمزور ہے اور نہ اس کا کوئی سرپرست ہے اور اس کی بڑائی بیان کرو جیسے بڑائی کا حق ہے

☆ حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس دعا کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا قرض غیب سے ادا کرے گا اگرچہ وہ پہاڑ کے برابر ہی کیوں نہ ہو!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ مجھے بے پروا کر دے حلال کے ذریعے حرام سے اور اپنی فرمانبرداری کے ذریعے

مَعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اپنی معصیت سے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنے غیر سے اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم والے

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو بھی یہ دُعائے استغفار ہر روز سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کا قرض غیب سے ادا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اُسے مال اور علم کا خزانہ عطا فرمائے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمٰن و رحیم زندہ اور سنبھالنے والا

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِيْعِ جُرْمِيْ وَظُلْمِيْ وَاِسْرَافِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

آسمان و زمین کا بنانے والا ہے میں اپنے تمام جرم اور ظلم اپنے نفس کے ساتھ ناانصافی میں اُس سے طلب عفو کرتا ہوں

☆ یہ دُعا امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے ایک صحابی کو لکھ کر بھیجی تھی جو مقروض تھا۔
☆ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں اور پڑھنے سے پہلے کسی سے بات نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں لا الہ الا انت کے طفیل مجھ پر رحم فرما

بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْضٰی عَنِّیْ بِلَا اِلٰہَ

لا الہ الا انت کے طفیل اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں لا الہ الا انت کے واسطے، مجھ سے راضی ہو جا لا الہ

اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

الا انت کے طفیل پروردگار! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے وہ کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں بحق لا الہ الا انت میرے گناہوں کو معاف فرما لا الہ الا انت کے طفیل

عمل: اکیلے مکان میں دو رکعت نماز برائے ہدیہ فاطمۃ الزہرا پڑھے سلام کے بعد پچاس مرتبہ یہ درج ذیل دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکے قرض کا انتظام بوسیلہ حضرت فاطمہؑ فرما دیگا (نقش سلیمانی)

یَا فَاطِمَۃُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ اَسْتَشْفِعُ بِکِ اِلَی اللّٰہِ فِیْمَا نَزَلَ بِیْ فَرَّجَ اللّٰہُ عَنْہُ بِرَحْمَتِہٖ

اے فاطمہ بنت محمد میں وسیلہ قرار دیتا ہوں آپ کو اللہ کی بارگاہ میں جو میرے لئے نازل ہوئی اللہ نے کھول دی (میری مصیبت) اس سے اپنی رحمت کے ساتھ

☆ کتاب سر المستتر شیخ بہائیؒ میں حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ اگر کوئی مقروض ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو درج ذیل آیت چار سو بیالیس مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ اسکے قرض کی ادائیگی کی صورت پیدا ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے ترے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک و پاکیزہ ہے بیشک میں قصوروار ہوں

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُــْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾ (الانبیاء۔۸۷۔۸۸)

پس ہم نے ان کی دُعا قبول کر لی اور انہیں رنج سے نجات دلائی اور ہم تو ایمانداروں کو یونہی نجات دیا کرتے ہیں

برائے قرض: سورۂ مبارکہ حجر لکھ کر پاس رکھنا برائے ادائے قرض مجرّب ہے۔
☆ سورۂ مبارکہ مزمل کو ہر روز سات بار پڑھنا قرض سے خلاصی کا موجب ہے۔
☆ اگر کوئی قرضدار ہو جائے تو سورۂ فیل کو لکھ کر بازو پر باندھے تو اس کا قرض غیب سے ادا ہوگا۔
☆ جو کوئی سورۂ دہر کو لکھ کر گلے میں ڈالے گا تو بھی اس کا قرض غیب سے ادا ہو۔

ڈوبے ہوئے قرض کیلئے

☆ قرض کی وصول یابی اور ڈوبی ہوئی رقم کے حصول اور دیگر حقوق کی بازیابی وغیرہ کیلئے حضر و سفر میں متعلقہ افراد کی تصوراتی تصویر ذہن میں رکھ کر اوّل و آخر صلوات کے ساتھ ان درج ذیل آیات کو اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے تو مطلب حاصل ہوگا۔

اوّل: اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی بیشک اللہ ہی تو گٹھلی اور دانہ کو شگافتہ کرتا ہے (انعام ۹۶)

دوم: وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ اور اللہ تو اپنے کام پر (ہر طرح) غالب و قادر ہے (یوسف ۲۱)

سوم: وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اور میں تو اپنا کام اللہ ہی کو سونپے دیتا ہوں (المومن ۴۴)

☆ قرض کی وصولی کے لئے درج ذیل آیت مجیدہ ہر روز اوّل و آخر صلوات کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے تو اس کا قرض وصول ہوگا۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْہُ لَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۱۷﴾ (التغابن:۱۷)

اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو وہ اس کو تمہارے واسطے کئی گنا کر دے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ تو بڑا قدردان بردبار ہے

تسبیح: ڈوبی ہوئی رقم کی وصولی کیلئے قرض لینے والے کا تصور کرتے ہوئے درج ذیل اسماء کو ہر روز اوّل و آخر صلوات کے ساتھ سو مرتبہ پڑھا کرے تو رقم واپسی کا رستہ ہموار ہو جائے گا۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا شَھِیْدُ یَا مُعِیْدُ یَا حَقُّ یَا وَلِیُّ اے اللہ اے رحمٰن اے رحیم اے حاضر اے لوٹانے والے اے حق اے سرپرست

بندش کھولنے کیلئے: ان آیات کو لکھ کر لٹکانے اور دم کر کے چھڑکنے سے ہر قسم کی بندش کھل جاتی ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ﴿۱﴾ (الفتح:۱) نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ (الصف:۱۳) وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ

بیشک ہم نے تم کو کھلم کھلا فتح عطا کیا اللہ کی طرف سے مدد اور عنقریب فتح ہوگی اور آسمان کھول دیئے جائیں گے

فَکَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ (النباء:۱۹) وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُہَآ اِلَّا ھُوَ (الانعام:۵۹)

تو دروازے ہو جائیں گے اور اس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا

اسم اُمِ موسیٰ: عامل مؤکلین ایوب سماعی مصری کے مطابق حضرت موسیٰ کی والدہ کا نام **یوحانذ** ہے اگر کوئی اس اسم کو پچاس مرتبہ لکھ کر پاس رکھے گا تو اُسکا ہر مطلب پورا ہوگا
☆ عامل کو چاہیے کہ ہر قسم کی بندش کھولنے کیلئے چلہ بھر میں جمالی پرہیز کے ساتھ سوا لاکھ مرتبہ پڑھے۔

کاروبار کے لئے

☆ تجارت کا سامان نفع کے ساتھ بکنے کیلئے سورہ فاطر کی یہ آیت مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سفید کپڑے کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر سامانِ تجارت میں رکھ دیں تو مقصد کلی حاصل ہوگا (گل ہائے ارغوان)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ کِتٰبَ اللّٰہِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْفَقُوْا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے بیشک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھا کرتے ہیں اور نماز پابندی سے پڑھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں

مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً یَّرْجُوْنَ تِجَارَۃً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ (فاطر۔۲۹)

عطا کیا ہے اس میں سے چھپا کے اور دکھلا کے دیتے ہیں وہ یقیناً ایسے بیوپار کا آسرا رکھتے ہیں جس کا ٹاٹ نہ الٹے گا

☆ بحوالہ گنج ہائے معنوی اگر کوئی تاجر سورۂ توبہ کی آیت (۱۱۱) لکھ کر سامان کے اوپر لٹکا دے یا پانی پر پڑھ کر دکان میں چھڑکاؤ کرے تو گاہکوں کی آمد میں اضافہ بھی ہوگا اور مال بھی بکے گا۔

وَمَنْ اَوْفٰی بِعَھْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۱۱﴾

اور اپنے عہد کا پورا کرنے والا اللہ سے بڑھ کر اور کون ہے تم تو اپنی (خرید) فروخت سے جو تم نے اللہ سے کی ہے خوشیاں مناؤ یہی تو بڑی کامیابی ہے

☆ بحوالہ کنز الاسرار کاروبار میں تیزی لانے کے لئے درج ذیل آیت لکھ کر دکان میں لگا دے تو مال و اسباب کی فروخت میں اضافہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَھُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْھَا رَوَاسِیَ وَاَنْھٰرًا (الرعد:۳)

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اور وہی وہ ہے جس نے زمین کو بچھایا اور اس میں اٹل پہاڑ اور دریا بنائے

☆ اگر کوئی درجِ ذیل ''کلمۂ استرجاع'' کو لکھ کر بکنے والے سامان کے اوپر لٹکائے اور ہر روز ایک سو دس مرتبہ پڑھے تو اس کا سامان اس آیت کی برکت سے جلد تر فروخت ہوگا۔

قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ ہم تو اللہ ہی کے ہیں اور ہم اُسی کی طرف لوٹ کر جانیوالے ہیں (البقرہ:۱۵۶)

☆ خرید و فروخت دونوں میں نفع و برکت کیلئے اس اسمِ مبارک کا ورد (بوقتِ خرید و فروخت) نہایت ہی نفع بخش اور آزمودہ ہے اَلنَّافِعُ

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ دخان کو لکھ کر پاس اور مالِ تجارت میں رکھنا نفع کا موجب ہے۔ (دافع الہموم والغموم)

حمل ساقط نہ ہو: اگر کسی عورت کے بچے سقط ہو جاتے ہوں تو یہ درجِ ذیل آیات لکھ کر کمر میں باندھے تو بچہ سقط نہ ہوگا اور صحیح و سالم پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجْمُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے آسمان اور رات کو آنے والے کی قسم اور تم کو کیا معلوم کہ رات کو آنے والا کیا ہے (وہ) چمکتا ہوا

الثَّاقِبُ ﴿۳﴾ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

تارا ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا ہوا ہے وہ اچھلتے ہوئے پانی

دَافِقٍ ﴿۶﴾ یَّخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ (الطارق:۱تا۷)

(منی) سے پیدا ہوا ہے جو پشت اور سینے کی ہڈیوں کے بیچ میں سے نکلتا ہے

روحانی و قرآنی اعمال

عمل حلال مشکلات: اگر کوئی شخص کسی مہم امر میں پریشان ہو یا دوران سفر حوادثات، ڈاکوؤں، چوروں، رہزنوں، درندوں وغیرہ سے محفوظ رہنا چاہے تو اپنے مقصد کی نیت سے سورۃ الحمد پڑھنا شروع کرے آیت اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کو سو مرتبہ تکرار کر کے سورہ مکمل کرے انشاء اللہ ہر قسم کی پریشانی رفع ہوگی۔

برائے دفعیہ دشمنان: شیخ بہاؤالدین نے فرمایا کہ اگر کوئی دشمنوں کو اپنے سے دفع کرنا چاہتا ہو تو ہر روز نماز صبح کے بعد آیت الکرسی سے پہلے یہ جملات پڑھا کرے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْوَاحِدِ الْمَاجِدِ مِنْ کُلِّ عَدُوٍّ وَّحَاسِدٍ

میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں جو یکتا غضبناک بزرگی والا ہے کہ ہر دشمن اور حاسد سے

مغلوبی دشمن کے لیے: کثرت سے اس دعا کا پڑھنا مغلوبی دشمن کیلئے اکسیر ہے

اَللّٰھُمَّ رَبِّ اکْفِنِیْ اَعْدَآئِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَکْفِیْنِیْ اَعْدَآئِیْ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ اے میرے رب میرے لیے کافی ہوجا میرے دشمنوں کے مقابل میں تیرے سوا کوئی کفایت کرنے والا نہیں میرے دشمنوں کے مقابل میں

وظیفہ برائے فتحیابی: اس وظیفہ کا ورد ہر مشکل کام میں کامیاب ہونے کیلئے کافی ہے

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَاَنْتَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ

میرے پروردگار میں مغلوب ہوں میری مدد فرما اور تو تمام مدد کرنے والوں سے بہتر ہے

پڑوسی کے بارے میں: بحوالہ تجلیات حکمت حضرت امیر المومنینؑ کا ارشاد گرامی ہے

یَنْبَغِیْ لِذَوِی الْقَرَابَاتِ اَنْ یَّتَزَاوَرُوْا وَلَا یَتَجَاوَرُوْا

رشتے داروں کو ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے لیکن ایک دوسرے کا پڑوسی نہیں ہونا چاہیے

عمل برائے طلب خیر و رفع شر: کسی فرد یا قوم سے ہمہ جہت طلب خیر کیلئے سورۂ زلزال کی آیت نمبر ۷ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ کی تکرار کریں اور اسی طرح غیر شرعی افعال کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے آیت نمبر ۸ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ کی تکرار کریں

برائے گمشدہ: درج ذیل آیت مع دعا چند مرتبہ تکرار کریں تو گمشدہ چیز مل جائیگی۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ یَا مُعِیْدُ رُدَّ اِلَیَّ (گمشدہ کا نام لیں)

عجیب الانعام تسبیح: حضرت رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ جو شخص روزانہ صبح و شام ایک مرتبہ درج ذیل تسبیح پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ بہشت کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جس کے ہاتھ میں چاندی کا بیلچہ ہوتا ہے وہ فرشتہ بہشت کی زمین جس کی مٹی خالص مشک کی ہے اس میں درخت لگاتا ہے اس کے گرد دیوار کھینچتا ہے اور اس کے دروازے پر لکھ دیتا ہے کہ یہ فلاں بن فلاں کا باغ ہے (مفاتیح الجنان)

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

اللہ پاک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اللہ پاک بڑی عظمت والا ہے

فضیلت و سورۂ قریش: حضرت رسالت مآب ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورہ کی تلاوت خلوص دل سے کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو کعبہ کا طواف و اعتکاف کرنے والوں سے دس گنا زیادہ نیکیاں عطا فرمائے گا اور اسے جنت کی سواری پر سوار کر کے محشور کرے گا۔

☆ دوران سفر راستہ بھول جانے، گمشدہ کو پانے، سلامتی اور رد خوف کے لئے مجرب ہے

برائے رزق غیبی: حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو کوئی درج ذیل دعا کو بعد از نماز صبح دس مرتبہ پڑھے گا تو اسے غیب سے رزق نصیب ہوگا۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَسْئَلُہٗ مِنْ فَضْلِہٖ

اللہ بزرگ پاک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں اور اس سے فضل کی درخواست کرتا ہوں

وظیفہ تقویت قلب: جو کوئی اول و آخر درود کے ساتھ اس آیت کی سات مرتبہ تلاوت کریگا تو اسکا قلب قوی ہوگا۔

ھُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَادْعُوْہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (سورہ مومن:۶۵)

وہی ہمیشہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو خالص کر کے اس کی عبادت کرو اس سے دعا مانگو سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے

وظیفہ احیائے قلب: حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ سینہ پر دل کے مقام پر ہاتھ رکھیں اور تین مرتبہ اول و آخر صلوات کیساتھ درج ذیل دعا کو سات مرتبہ پڑھیں تو قلب کو تقویت اور سکون میسر ہوگا۔ (مفاتیح الجنان)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے ہمیشہ زندہ و قائم رہنے والے اے وہ کہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے قلب کو زندہ کر اے اللہ صلوات بھیج محمدؐ و آل محمدؐ پر

وظیفہ شفائے قلب: یہ آیت شفائے قلب ہے اسکی تلاوت دل کے امراض کے لئے بہت مؤثر ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے یاد رکھو کہ اللہ ہی کی یاد سے دلوں کی تسلی ہوا کرتی ہے (الرعد:۲۸)

کشتہ برائے قلب: جسمانی و روحانی اور قلب کی قوت کیلئے کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھا کرے

یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ اے مضبوط قدرت رکھنے والے طاقتور مجھے اور میرے دل کو مضبوط بنا

محیر العقول تسبیح

☆ یہ تسبیح تمام دنیوی آفات و مشکلات و مہمات و حاجات و حاجتمندوں اور مظلوموں کیلئے سپر و حرز جان اور ذریعۂ مقصود ہے بعد از نماز صبح کم از کم اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور تسبیح کے عجائبات سے استفادہ فرمائیں۔

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ سَہِّلْ بِفَضْلِکَ یَا عَزِیْزُ

اے عجائبات کے بنانے والے (مشکل) آسان فرما تو اپنے فضل سے اے مضبوط گرفت والے

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ بعد از نماز ظہر زیادہ سے زیادہ یہ صلوات پڑھو ایک مرتبہ اس صلوات کے پڑھنے کا ثواب درجۂ شہادت کے برابر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ

اے اللہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور ان کے ظہور میں تعجیل فرما

معظمہ صلوات: اس صلوات کا ورد باعث مغفرت اور وبائی امراض سے شفا کا موجب ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی فَاطِمَۃَ وَاَبِیْھَا وَبَعْلِھَا وَبَنِیْھَا بِعَدَدِ مَا اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُکَ

اے اللہ رحمت بھیج فاطمہؑ پر اور ان کے بابا اور ان کے شوہر اور دونوں شہزادوں پر اتنی کہ جس کو تیرا علم احاطہ کرے

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ مئی 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالُ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَةُ اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَّ انْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاءُ يَا نُقَبَاءُ يَا نُجَبَاءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ يَا قُطْبُ يَا غَوْثُ اَعِيْنُوْنِيْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عاملؒ شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تثلیث شمس مشتری: اس نیک وقت کی ابتداء 2 مئی 12 بجکر 43 منٹ، مکمل نظر 3 مئی 12 بجکر 57 منٹ اور خاتمہ نظر 4 مئی 13 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔ ترقی دولت، حصول انعامات، نام آوری، نزدیکی سلاطین حکام، افسرانِ بالا کے لیے سورۃ یوسف یا سورۃ یٰسین کا خالی البطن نقش ساعت شمس یا مشتری میں لکھ کر دو نفل حاجت ادا کر کے باپرہیز پاس رکھیں۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

قران شمس عطارد: جدید علم نجوم میں اس سعد نظر کی ابتداء 9 مئی 4 بجکر 55 منٹ، مکمل نظر 9 مئی 20 بجکر 11 منٹ اور خاتمہ نظر 10 مئی 3 بجکر 48 منٹ پر ہوگا۔ حصول ذہنی قوت اور علم کے حصول کے لیے قرآن پاک کا دل سورۃ یٰسین اپنے دینی و دنیاوی سبھی کاموں کے انجام بخیر ہونے کے لیے خالی البطن نقش زعفران سے ساعت شمس میں بنا کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۹۱۲۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

تثلیث زہرہ مشتری: اس نیک سعد وقت کی ابتداء 10 مئی 4 بجکر 27 منٹ، مکمل نظر 11 مئی صفر بجکر 1 منٹ اور خاتمہ نظر 11 مئی 19 بجکر 35 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر خلق، الفت و محبت بڑھانے، پسندیدہ جگہ رشتہ، شادی کے لیے خصوصاً جائز مقاصد کے لیے ساعتِ زہرہ میں سورۃ یوسف کے خالی البطن دو نقش لکھ کر ایک باپرہیز پاس رکھیں، دوسرا درخت انار سے لٹکائیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

قران عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 13 مئی 10 بجکر 42 منٹ، مکمل نظر 14 مئی صفر بجکر 13 منٹ اور خاتمہ نظر 14 مئی 7 بجکر صفر منٹ پر ہوگا۔ الفت و محبت، حصول علم، موسیقی و آرٹ کے لیے نقش سورۃ یوسف کو ساعت زہرہ میں بنا کر پاس رکھیں۔

(نقش پہلے دیا جاچکا ہے)

تربیع مشتری زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 11 بجکر 11 منٹ، مکمل نظر 26 مئی 17 بجکر 24 منٹ اور خاتمہ نظر 30 مئی 14 بجکر 25 منٹ پر ہوگا۔ کسی دشمن بدبخت کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لیے سورۃ لہب کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

تثلیث عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 21 مئی 2 بجکر 11 منٹ اور خاتمہ نظر 25 مئی 13 بجکر 5 منٹ پر ہوگا۔ ذہانت بڑھانے، حصول علم و فن ہر قسم خصوصاً عملیات و روحانیات میں اضافہ کے لیے سورۃ طٰہٰ کا خالی البطن نقش ساعت عطارد میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۹۹۸۱۹	۲۶۶۱۹۱	۳۳۲۷۳
۲۳۲۹۱۸	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۶۳۶۵
۶۶۵۴۶	۱۳۳۰۹۲	۱۹۹۶۴۵

مقابلہ شمس مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 21 مئی 21 بجکر 55 منٹ، مکمل نظر 22 مئی 16 بجکر 16 منٹ اور خاتمہ نظر 23 مئی 1 بجکر 26 منٹ پر ہوگا۔ مخالفین کو منتشر پریشان خواب کرنے کے لیے سورۃ فیل کا خالی البطن نقش لکھ کر ساعت مریخ میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۱۴۶۴	۳۹۰۷	۴۸۸
۳۴۱۹	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۴۰
۹۷۶	۱۹۵۲	۲۹۳۱

مقابلہ زہرہ مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 24 مئی 16 بجکر 26 منٹ، مکمل نظر 25 مئی 7 بجکر 37 منٹ اور خاتمہ نظر 25 مئی 15 بجکر 13 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز مرد و زن کی محبت کے خاتمہ کے لیے سورۃ مائدہ کے خالی البطن دو نقش ساعت مریخ میں لکھ کر ایک احاطہ قبور میں دفن کریں اور دوسرا کسی پرانے درخت سے لٹکائیں۔

۷۸۶		
۲۱۲۳۶	۵۷۵۷۹۸	۷۰۷۱۲
۴۹۴۹۸۶	یہاں مقصد لکھیں	۳۵۳۵۷۰
۱۴۱۴۲۴	۲۸۲۸۴۸	۴۲۴۲۷۴

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

عمل سورۃ یٰس برائے حاضری ہفت مؤکل

عبارتِ عمل: سورۃ یٰسین شریف شروع سے آخیر تک لیکن ہر ''مُبِیْن'' پرعزیمت مندرجہ ذیل کی ہفت، ہفت مرتبہ تکرار کریں۔ اور آخری ''مُبِیْن'' پرعزیمت پڑھنے کے بعد جہاں سے سورۃ چھوڑی تھی یعنی آخیر مبین کے بعد سے پڑھائی شروع کریں اور سورۃ ختم کردیں۔ یہ ایک مرتبہ کی پڑھائی ہوئی۔ اسی طرح کل اکتالیس مرتبہ ورد کریں۔ عزیمت درج ذیل ہے۔

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّهَا الْمَلٰئِکَةِ الْکِرَامِ اَجِبْ یَا عَبْدُ السَّلَامُ وَ یَا عَبْدُ الرَّبُّ وَ یَا عَبْدُ الشَّکُوْرُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ٥ وَبِحَقِّ سُوْرَۃُ یٰسٓ

طریقہ زکوٰۃ: یہ ایک اسراری و لاثانی عمل جو کہ صدری ہے ہرگز اِلَّا مَاشَاءَ اللہ کبھی بھی خطا نہیں کرتا۔ شاید کہ سورۃ یٰسین کا اس سے بہتر عمل حاضری مؤکلات کا دنیا کے کسی بھی عامل و کتاب سے نہ مل سکے گا۔ اس عمل کا جو شخص بھی عامل ہوگا دنیا کا بے تاج بادشاہ ہوگا اور درجہ ولایت پر فائز ہوگا۔ دوران چلہ کشی اس قدر حسین و جمیل اور حیرت انگیز عجائبات کا دیدار ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص صد سال بھی ریاض کرے تو بھی ایسا لطف ہرگز نہیں آئے گا جیسا کہ اس عمل میں اللہ رب العزت نے بیش بہا خوبیاں رکھی ہیں۔

ایک سب سے بڑی خوبی اس میں یہ بھی ہے کہ کسی بھی قسم کی رجعت کا اندیشہ قطعی نہیں ہے۔ کیونکہ سورۃ یٰسین شریف کے یہ ہفت مؤکلات نہایت رحم دل ہیں اور عامل کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتے۔ لیکن اگر کوئی شخص ان کو تسخیر کرنے کے بعد کسی بھی قسم کا ناجائز کام مؤکلات سے کرائے گا تو پھر عامل کی جان خطر میں ہوگی۔ لہٰذا میرا مخلصانہ مشورہ یہ ہے کہ کسی بھی قسم کا ناجائز کام مؤکلات سے آپ ہرگز نہ لیجئے گا کیونکہ آپ کے پاس سے اس عمل کا تصرف چلا جائے گا اور آپ ساری زندگی ہاتھ ملتے رہیں گے۔ بحث کافی طویل ہوتی جارہی ہے لہٰذا آخری بات کہہ کر طریقہ زکوٰۃ واضح کرتا ہوں۔

آخری بات یہ ہے کہ اس کتاب ''تسخیر الارواح'' کا صرف اسی عمل کا چلہ کر کے آپ اپنی دُنیا و دین سنوار سکتے ہیں اور میرا دعویٰ ہے کہ آپ کو پھر کسی بھی دیگر عمل کی حاجت باقی نہیں رہے گی۔ کیونکہ عملِ ہذا کے مؤکلات دُنیا کا تقریباً ہر کام سیکنڈوں میں کرنے کی قوت رکھتے ہیں۔ جو لوگ تقویٰ وطہارت کے پابند ہیں اور رزقِ حلال کھاتے ہوں نیز فسق و فجور سے دور ہوں اللہ و محمد ﷺ اور اہل بیتؑ سے ظاہر و باطن قلبی الفت رکھتے ہوں گے بے شک اللہ پاک ان کو کامیابی و کامرانی عطا فرمائیں گے۔ آمین ثم آمین۔

میری یہ بھی دُعا ہے کہ جو لوگ محمد ﷺ و آلِ محمد ﷺ سے بغض و کینہ رکھتے ہوں اللہ پاک ہرگز ہرگز ایسے بدبختوں کو اس عمل میں کامیابی عطا نہ فرمائے نہ ہی اس کے اسرار و رموز ان پر منکشف ہوں۔

عروج ماہ قمری ثابت میں عامل ترکِ جلالی و جمالی کا پابند بنے اور ایک علیحدہ کمرہ کا انتظام کرے۔ کہ اس کمرے میں عمل کے دوران سوائے عامل کے کوئی دوسرا شخص نہ جائے۔ نوچندی جمعرات یا جمعرات کے دن سے اس عمل کا چلہ بعد نماز تہجد کیا جاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور تہجد کی نماز پڑھ کر اوّل بخور اگربتی کا یا بخور سبع سیارگان کا روشن کرے۔ بخور سبع سیارگان کا نسخہ ادارہ کی کتاب ''اسرارِ عجیبہ'' سے آپ حضرات ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

بخور روشن کرنے کے بعد آپ چاقو یا داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت سے اپنے گرد حصار کریں اور جائے نماز پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ درود شریف پھر اکتالیس مرتبہ سورۃ یٰسین شریف معہ عزیمت پڑھ کر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدہ میں جا کر اللہ پاک سے کامیابی کے لئے دُعا مانگیں۔ دُعا مانگنے کے بعد اسی مقام پر سو جائیں۔ اگر پیاس یا دیگر کسی

ضرورت کے لئے کمرے سے باہر جانا پڑے تو کوئی حرج نہیں لیکن اس کے لئے آپ پہلے حصار کاٹیں گے پھر باہر نکلیں گے۔ اسی طرح روزانہ مقررہ وقت پر آپ کو روزانہ چلہ کشی کرنا ہوگی اور یہ سلسلہ اکتالیس یوم تک جاری رہے گا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ چلہ کشی کے وقت عامل کا لباس بصورت احرام ہونا چاہئے جیسا کہ حج کرتے وقت حاجی لوگ استعمال کرتے ہیں جس کا رنگ سفید ہونا چاہئے۔ سر پر سفید رومال ہونا چاہئے جس میں سوئی سے سلائی نہ ہوئی ہو۔ اسی طرح مصلّہ بھی سفید ہونا چاہئے اور یہ بھی سلا ہوا نہیں ہونا چاہئے۔ البتہ سوتے وقت آپ سلا ہوا کپڑا پہن سکتے ہیں۔ دن کے وقت آپ اپنے دُنیاوی کام کاج میں مشغول رہ سکتے ہیں لیکن نماز کی پابندی ضروری ہے اور درود شریف واستغفار کا ورد کثرت سے کرنا چاہئے۔ اس عمل کا اظہار سوائے اپنے پیرو مرشد یا استاد کے علاوہ کسی سے نہیں کرنا چاہئے۔

عامل کا ظاہر و باطن جس قدر پاک وطاہر ہوگا اتنی ہی جلدی عامل کے سامنے عجائبات کا ظہور ہونا شروع ہو جائے گا۔ دورانِ پڑھائی نہایت بزرگ ہستیاں عامل کے سامنے آیا کریں گی اور کلام بھی کریں گی۔ لہٰذا عامل کو چاہئے کہ ان کے کسی بھی سوال کا جواب نہ دے۔ صرف آپ نظارہ کرتے رہیں اور سنتے رہیں۔ اکثر آپ کو خواب میں بھی مؤکلات نظر آیا کریں گے اور خواب میں مختلف قسم کی خبریں دیا کریں گے جو کہ سچ ثابت ہوں گی۔

جوں جوں دن گزرتے رہیں گے عجائبات و اسرار نہانی آپ پر منکشف ہوتے رہیں گے حتیٰ کہ پینتیس دن کے بعد روزانہ دورانِ پڑھائی عمل ہذا کے مؤکلات کی آمد بہت زیادہ بڑھ جائے گی اور یہ لوگ آپ سے گفتگو کرنے کی کوشش بھرپور انداز میں کریں گے اکثر لالچ زر و جواہر کا دیں گے۔ عامل کو چاہئے کہ ان کی طرف قطعی توجہ نہ دے بلکہ اپنی پڑھائی میں مشغول رہے۔ اکتالیسویں روز بہت زور وشور سے عجائبات وغرائب کا ظہور ہوگا۔

یہ آخری دن عامل کے لئے سخت آزمائش کا ہوگا۔ لہٰذا عامل کو چاہئے کہ اپنا دل قوی رکھے اور اپنے پیرو مرشد یا استاد کا تصور کامل رکھے اور باآواز بلند پکار پکار کر یٰسین شریف معہ عزیمت پڑھنا شروع کردے۔ حتیٰ کہ اکتالیس مرتبہ کی تعداد مکمل ہو جائے۔ پھر آپ اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر چلہ کشی مکمل کرلیں۔ اسی لحہ ہفت مؤکلات عامل کے روبرو دست بستہ حاضر ہوں گے جن کے چہرے مثلِ آفتاب و ماہتاب ہوں گے۔ وہ عامل کو السلام علیکم کہیں گے۔ عامل ان کو وعلیکم السلام کہے۔ پھر وہ عامل سے دریافت کریں گے کہ اے مرد صالح ہم سبھوں کو کیوں بلایا ہے اور ہم سبھوں سے کیا چاہتا ہے؟

پس اس وقت عامل ان سے کہے کہ میری خواہش ہے کہ آپ ساتوں میرے دوست بن جائیں تاکہ میں اپنی دینی ودُنیاوی ضرورت کے لئے آپ لوگوں کی مدد لے سکوں اور آپ حضرات اپنی جلد حاضری کا طریقہ کار بھی مجھے عنایت کریں تاکہ میں آپ لوگوں کو فوراً حاضر کرسکوں۔ چنانچہ یہ لوگ عامل سے تابعداری کا اقرار کریں گے اور ساتوں الگ الگ اپنا تعارف بھی عامل کو کرائیں گے۔ پھر عامل ان کو جانے کی اجازت دے فوراً غائب ہو جائیں گے۔ اب عامل کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کی نیاز دے کر تمام شیرینی خود کھالے۔ جب بھی عامل کسی کام کی غرض سے مؤکلات کو حاضر کرے گا فوراً حاضر ہوکر عامل کا کام چشمِ زدن میں پورا کریں گے۔

۷۸۶

شمکائیل — شفقیائیل

بحق جبرائیل علیہ السلام

۶۳۰۸	۶۳۱۱	۶۳۱۴	۶۳۰۱
۶۳۱۳	۶۳۰۲	۶۳۰۷	۶۳۱۲
۶۳۰۳	۶۳۱۶	۶۳۰۹	۶۳۰۶
۶۳۱۰	۶۳۰۵	۶۳۰۴	۶۳۱۵

بحق اسرافیل علیہ السلام — بحق عزرائیل علیہ السلام

کہیعص — حمعسق

